YOUTH
PARLIAMENT
PAKISTAN

VERBATIM REPORT

SESSION TWO

Thursday, January 01, 2009

CONTENTS

1. Recitation from the Holy Qura’an
2. Calling Attention Notices
3. Resolutions
4. Motion

The Youth Parliament met in the Margalla Hotel's Hall, Islamabad, at 9.00 in the morning with Mr. Presiding Officer (Mr. Allah Ditta Tahir) in the Chair.

……………. . ……

Recitation from the Holy Quran

………………………….. .

Mr. Presiding Officer: Let us start proceeding. Mr. Ahmad Javed, he is not present, then Mr. Mohsin Saeed.

جناب محسن سعید- جناب سپیکر صاحب میں سب سے پہلے resolution پڑھنا چاہوں گا ۔

An honourable Member: Mr. Speaker, point of order, quorum is incomplete.

Mr. Presiding Officer: OK. Secretariat should count it.

(At this stage counting was done and the quorum was complete)

Mr. Presiding Officer: Right, quorum is complete. Mr. Mohsin should start.

Mr. Mohsin Saeed: Sir, I beg to move that

"This house may discuss means to improve vocational and technical education in the country and make it available to a greater number of people as it has the potential to: create in excess of 150,000 jobs a

year; provide over 3.5 billion dollars in remittances and provide a source of education to those who can no longer continue in the formal education sector due to shortage of funds.”

میں یہ کہنا چاہوں گا کہ جو vocational and training institutes ہیں ان کا jobs creating میں ان کا بڑا ہاتھ ہوتا اور یہ لوگوں کو سستا اور معیاری روزگار فراہم کرنے کا ضامن ہوتا ہے اور اس سے کم وقت میں کوئی بھی ہنر سیکھ سکتے ہیں اور اس سے زیادہ سے زیادہ روزگار کے مواقع پیدا ہوتے ہیں - میں کچھ اعداد و شمار vocational training کے سلسلے میں پیش کرنا چاہوں گا- سب سے پہلے میں یہ کہنا چاہوں گا کہ اس طرح کے کل اداروں کی جو تعداد ہے ، نیشنل ایجوکیشن census کے مطابق جوکہ Ministry of Education Government of Pakistan کا شائع کردہ ہے- 2006-7 کے مطابق ایسے 2003 Institute ہیں - ان میں طالبعلموں کی تعداد وہ دو لاکھ اڑتیس ہزار چھ سو ستاسی ہے اور اساتذہ تعداد پندرہ ہزار تین سو انتالیس ہے - دیہات کے اندر یہ آٹھ سو دو ہیں اور شہری حدود میں یہ دو ہزار دو سو ستاون ہیں - اس کے علاوہ جو پبلک سیکٹرز ہیں یعنی حکومت کے وہ نو سو سولہ ہیں اور private sector کے دو ہزار ایک سو تنتالیس ہیں - میں یہ بات کہنا چاہوں گا کہ national education census کے

مطابق اس میں جو خواتین کی نمائندگی ہے وہ اڑتیس فیصد ہے اور جو لڑکوں کی نمائندگی ہے وہ تقریباً 62 percentہے - حکومت کو چاہیے کہ خواتین کی حکومت کو بڑھانے کے لیے اقدامت اٹھائے کیونکہ جب خواتین یہ سیکھیں گی کیونکہ ان کے لیے formal educationحاصل کرنا کافی مشکل ہوتا ہے اس لیے یہ چھوٹے موٹے coursesکر کے وہ مشکل حالات میں اپنا گزارا چلا سکیں گی - اس کے علاوہ دیہات میں بھی اور دور دراز علاقوں میں بھی ایسے centresضرور قائم ہونے چاہیں کیونکہ اس سے کم وقت میں بہترین ہنر مند افراد ی قوت ملک کو میسر آتی ہے اور اس سے جو روزگار کے جو مواقع ہیں ان کا حصول آسان ہو جاتا ہے جس سے ملک کی ترقی کی رفتار تیز ہوجاتی ہےاور بیروزگاری میں کمی ہوتی ہے - شکریہ-

Mr. Presiding Officer: Now first of all I will get the sense of the House about resolution and put it before the House.

(Resolution was adopted)

Mr. Presiding Officer: The resolution stands adopted. Now I give the floor to Mr. Mudasir Habib.

جناب مدثر حبیب: شکریہ جناب سپیکر - یہ resolutionجو ابھی پیش کی گئی ہے یہ بہت اچھے topicپر ہے یعنی vocational training or

لیکن ہمارے ملک کا المیہ یہ technical education ہے کہ جو ہمارے technical educational اور vocational training institutesہیں centres ہیں ان کی جو outputہے یعنی وہاں سے جب طلباء فارغ التحصیل ہوتے ہیں اور جو jobs availableہوتی ہیں مارکٹ میں ان کی ایجوکیشن اس سے matchنہیں کرتی جس کی وجہ سے کئی jobsپر graduate students evenان پر applyبھی نہیں کر سکتے - میں اس کی improvementکے حوالے سے بات کرنا چاہوں گا کہ ابھی حال میں ایک NUML College launchہے جوکہ میانوالی ڈیویلپمنٹ ٹرسٹ نے launchکیا ہے - اس کو اگر ایک modelبنا کر اس مسئلے پر اگر کام کیا جائے تو ہمارے جو ملک بھر کے جو vocational educationalہیں institutes trainingکے ان کو improveکیا جا سکتا ہے- میانوالی نمل کالج کا جو ماڈل ہے وہ یہی ہے کہ انہوں نے سب سے پہلے یہ emphasis کیا ہے کہ جو پرائمری اور سیکنڈری ایجوکیشن ہے اس کو اس سیکٹر میں studentsپوری طرح حاصل کریں - اس کے لیے ان کی collaboration "the Citizen Foundation"کے ساتھ ہے اور Citizen Foundationوہ ادارہ ہے جو under privilegedاور low income areasمیں schools set up کرتا ہے جو پرائمری اور سیکنڈری سطح کے ہوتے ہیں - وہاں سے جو graduates ہوتے ہیں ان کو نمل کالج induct کرے گا اور پھر ان کو technicalاور vocational trainingدے گا اور

اس میں بھی نمل کالج کی جو collaboration ہے وہ University of Bradford کے ساتھ ہےجو کہ اس وقت ایک leading technical and engineering institute of world ہے - پاکستان کی گورنمنٹ اگر اس کو ایک as prototype use کرتے ہوئے اپنے باقی vocational training اور technical educational centres ہیں ان میں curriculum کو improve کرے، سٹاف کو improve کرےاور اس ماڈل پر work کرتے ہوئے کیونکہ پہلی ضرورت جو ہے جو پاکستان کے Constitution میں بھی mention ہے وہ یہ ہے کہ secondary education تمام طلباء کے لیے میسر ہونی چاہیے اور free of cost ہونی چاہیے- اس پر ہمارے پاس ابھی proper implementation نہیں ہےجو ہمارے پاس straits ہیں کہ پاکستان کا جو پرائمری ایجوکیشن کا جو target تھا 2005 میں وہ 79% تھا enrolment کا تو وہ ابھی تک صرف 68% پہنچا ہے اس وقت کے سروے میں ابھی 68% تھا- اس کا مطلب یہ ہے کہ despite of the fact کہ اس وقت free education پنجاب میں introduce کی گئی اور بھی جو صوبے تھے ان کے اندر کہیں textbooks free provide کی گئیں، کہیں fee معاف کی گئی لیکن پھر بھی ہم اس ٹارگٹ کو achieve نہیں کر پائے- اس کی ایک basic reason جو نظر آتی ہے وہ یہ ہے کہ ہماری جو political leadership ہے وہ education کو بھی ایک political مسئلہ سمجھتے ہیں جب کہ ایجوکیشن میرے نزدیک انسانیت کا ایک مسئلہ ہے- اس کے اندر بغیر کسی political affiliation کے ہماری

کو بھی funding کو کام کرنا چاہیے، leadership
اگر دیکھیں تو جو recommended ہیں millennium
development goals میں یا آپ کی education
for all programs میں اس میں وہ 10% تک کہتے
ہیں کہ آپ کا جو education budget ہے وہ 10% تک
اس میں vocational training اور technical
education پر allocate ہونا چاہیے لیکن ہمارا تو
جو overall education budget ہے وہی سب سے
lowest ہے even South Asia میں، ورلڈ تو خیر
دور کی بات ہے اور میں یہ کہنا چاہوں گا کہ اس
میں اگر ہم تھوڑا سا جو نمل کالج کا ایک ماڈل
ہمارے پاس سامنے آیا ہے اگر ہم اس میں اپنی
political affiliations کو ایک side پر رکھ کر
اس کو opt کریں تو ہم اس میں کچھ کامیابی حاصل
کر سکتے ہیں اور اس میں جو benefits انھوں نے
mention کی ہیں 150 thousand jobs اور 3.5
billion dollars اس کا at least اگر ہم 1% بھی
achieve کر جائیں تو I think that will be a
success دوسرا جو ایک اہم ترین مسئلہ ہے وہ یہ
ہے کہ پاکستان میں جو public sector
vocational institutes and technical
educational centres وہاں پر politics کا
influence بہت زیادہ ہے ابھی حالیہ دنوں میں
کراچی ایک polytechnic institute تھا وہاں پر
ایک سیاسی تنظیم کے لوگوں نے even
students کو ٹیسٹ میں بھی نہیں بیٹھنے دیا تو
جب یہ حالت رہے گی ، یعنی جب تک آپ کی ایک
policy اس پر نہیں ہوتی کہ ہم education میں ہم

politicsنہیں چاہتے ہیں۔ جب تک آپ کے جتنے بھی institutionsہیں وہ improveنہیں کرسکتے ہیں ۔ اس پر آپ کوایک clear policy lineچاہیے۔ شکریہ۔

Mr. Presiding Officer: All the speakers are asked to speak for five minutes. Mr. Furrukh Jadoon.

جناب فرخ جدون: بہت شکریہ جناب سپیکر کہ آپ نے اظہار خیال کا موقع دیا۔ احمد جاوید صاحب، اورنگ زیب مری صاحب اور محسن سعید صاحب نے بڑی اچھی resolutionپیش کی ہے۔ میں کچھ background figuresبتانا چاہوں گا کہ پاکستان میں اس وقت دو لاکھ ستائیس ہزار سات سو اکیانوے ادارے کا کام کر رہے ہیں جو کہ تمام پرائمری، سیکنڈری اور تمام کو ملا کر اس میں ہر educationکے ادارے بھی ہیں، اس میں سے بارہ ہزار سات سو سینتیس ادارے ایسے ہیں جو non functionalہیں جو کہ کاغذوں میں تو existکر رہے ہیں مگر وہ کام نہیں کر رہے ۔ آپ بجائے اس کے کہ جو non functionalادارے ہیں انہیں condemn کر کے ، انہیں پھینک دیں یا ان کے اوپر جو fundingہو رہی ہے انہیں آپ صرف کاغذوں میں شمار کریں، آپ نے انہیں vocational technicalاداروں کے طور پر ان کو استعمال کریں تاکہ آپ کے جو لوگ ہیں جو کہ کسی طریقے سے یا کسی وجہ سے وہ formal educationحاصل نہیں کر سکے، وہ اسے حاصل کر پائیں۔ ایک تو میری یہ suggestionہے ۔ دوسری بات یہ ہے کہ اس

نے public private partnership کو آپ سامنے لے کر آئیں، بڑے اچھے private institutions ہیں جیسے مدثر بھائی نے یہ بات کی کہ وہ start ہو چکے ہوئے ہیں۔ آپ political affiliations کو تھوڑی دیر کے لیے سائیڈ پر رکھ کر آپ اس ملک کے لیے کچھ سوچیں، ان لوگوں کے لیے سوچیں کہ جو کہ کسی وجہ سے formal education نہیں کر سکے، انہیں آپ کچھ ہنر تو دیں کہ وہ کل suicide bomber تو نہ بنیں۔ ایک تو میری یہ suggestion ہے۔ تیسری بات کہ جو technical ادارے آپ کے ہیں جہاں پر جگہ نہیں ہے، suppose political institute ہے جس طرح ہری پور کام کر رہا ہے، اس میں جو سول اور ٹیکنیکل اور باقی جو technologies ہیں اس میں سیٹیں اتنی کم ہوتی ہیں کہ وہ بندے بچارے مجبور ہو جاتے ہیں کہ وہ ایجوکیشن چھوڑ دیں۔ آپ اس میں double shift لے کر آئیں، آپ ان teachers کو hire کریں، اس سے ایک تو educated جو لوگ ہیں جن کو ابھی تک job نہیں ملی اس طرح ایک تو انہیں job ملے گی اور ڈبل شفٹس سے جو لوگ پڑھنا چاہ رہے ہیں انہیں میں بھی فائدہ ہو گا اور آپ کے اور زیادہ لوگ پڑھ سکیں گے۔ میری چوتھی suggestion یہ ہے کہ جیسے national intern program گورنمنٹ سے start کیا ہوا ہے کہ آپ کی ڈگری مکمل ہونے کے بعد آپ کو پھر ایک internship سال کی کرواتے ہیں۔ آپ during the Vocational Institute کے اندر study آپ internship کروائیں اور ساری paid ہو

جیسے کہ بینظیر technical support programجو سندھ میں startہے ویسے ہی آپ باقی صوبوں میں بھی startکریں۔ آپ تمام لوگوں کے صوبوں کو وہ سہولیات دیں۔ وہ سندھ تک محدود نہیں ہونی چاہییں۔ میری آخری جو suggestionہے وہ یہ ہے کہ جوtechnical educationہے اسے آپ compulsory قرار دیں، کوئی بھی بندہ ہے، وہ اسے کچھ نہ کچھ ہنر لازمی آنا چاہیے تاکہ کل کو ملک کے جو نامساعب جو حالات ہیں اس میں کام آ سکے۔ یہ میری کچھ suggestionsہیں امید ہے کہ اس کے اوپر آپ غور کریں گے۔

Mr. Presiding Officer: Thank you Farrukh. Next Raja Sherjeel Sahib. OK you should have a seat and you will be given time later on. Sufian Ahmad Bajar Sahib.

Mr. Sufian Ahmad Bajar: Thank you Mr. Speaker, I am really thankful for you to allow me to speak something. Firstly, I would like to you know differ with Farruk Jadoon who have quoted about hundreds of thousands of institutions which are providing such education. In my knowledge there is just 1324 proper technical institutions in the country which is according to the national education census carried in 2005.

جناب فرخ جدون: پوائنٹ آف آرڈر جناب سپیکر صاحب، میں نے overallاداروں کی بات کی ہے میں نے ٹیکنیکل اداروں کی بات نہیں کی۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: فرخ صاحب پہلے اجازت لیتے ہیں، جب اجازت ملے تب بولتے ہیں۔

Mr. Sufian Ahmad Bajar: I would rather prefer to technical and vocational Institutions specifically. Out of which we have only three lac and sixty one thousand students. You will compare the overall population of a country which stands about 16 to 17 crore of people, what are the three lac people. I would like to emphasis on the importance of this technical vocational education.

ہمارے ہاں خیال ہے کہ صرف وہاں پر mechanicsبنتے ہیں جب کہ دنیا میں اس کی بہت زیادہ importanceہے

Every developed country in the world Australia, England, everyone have technical board and technical institutions structure. The first thing I would like to say is that it is a trade specific thing education.

جب تک آپ کے ملک میں technical educationنہیں ہو گی کوئی industry successful نہیں ہو سکتی اور بہت سی ایسی چیزیں ہیں جیسے ٹیکسٹائل ہے، شوگر انڈسٹری ہے، ٹیلی

کمیونیکیشن ہے جہاں پر extreme need ہے technical education کی۔ جب کوئی foreign investor اس ملک میں آتا ہے ، invest کرتا ہے، You can look at the multinational companies. They have their human resource departments to train the people. This adds lot of cost to train the people, a human resource department to manage the people is understandable but to train the people you simply scare them away. They don't have so much of cost to incur on training the people.

اس لیے میں recommend کروں گا کہ quality technical education ہونی چاہیے اور اس سے زیادہ میں emphasize کروں گا کہ جو backward regions ہیں ان میں یہ institutions زیادہ بننے چاہیے کیونکہ وہ deprive لوگ ہیں، ان کا literacy rate کم ہے اگر ان کو ایجوکیشن ملے گی اور وہ اس ایجوکیشن سے زیادہ receptive ہوں گے۔

There is another thing that it is also in the national technical strategy of the government that there should be mobility of the technical work force, like the technical work force should be moved to the clusters of industrial areas like Sheikhupura, Sialkot and Gujranwala which are renowned just for their cluster industry. Sir, in similar cluster industry

should be promoted all across the board and I would agree with Mr. Farrukh Jadoon that public private partnership is extremely important. Like recently I saw that Nestlée Pakistan was offering training to quite a lot people in the dairy sector and in dairy machinery and equipment and all that sector. So such public and private ventures really help us lot. So I would emphasize the same factor that it is extremely important and I would really like that you Mr. Speaker refers it to the Standing Committee that they should give really nice suggestion on that on which the government can work.

Mr. Presiding Officer: Thank you. Reference towards the Standing Committee will be decided after debate. Next Speaker, Mr. Niaz Muhammad.

جناب نیاز محمد: جناب سپیکر بہت شکریہ کہ آپ نے مجھے بات کرنے کا موقع دیا۔ یہاں پر technical and vocational بہت ہو رہی ہے educationکی۔ میں ایک simple بات کہنا چاہتا ہوں کہ بلوچستان بھی اس ملک کا ایک حصہ ہے ، میں اس حوالے سے کچھ گزارشات پیش کرنا چاہتا ہوں۔ اب ہمارے ہاں تعلیم کی صورتحال دیکھیں جہاں سکول ہیں وہاں آپ کو اساتذہ نہیں ملیں گے اور جہاں استاد ہوں گے وہاں سکول کی بلڈنگ نہیں ہو گی، یہ کیا ہو رہا ہے؟ بلوچستان کے صوبائی

وزیر تعلیم کا کہنا ہے کہ بلوچستان میں -- فرخ صاحب نے ایک بات کہی کہ ایسے سکول ہیں اس ملک میں جو کاغذوں میں تو ہیں لیکن وہ functional نہیں ہیں- بلوچستان میں ایسے پانچ ہزار ghost schools ہیں- جب تک ہم education کی طرف توجہ نہیں دیں گے، ترقی نہیں کریں گے- میری ذاتی رائے اس سلسلے میں ہے کہ دفاعی بجٹ میں کمی کی جائے اور تعلیم کے لیے بجٹ میں زیادہ حصہ مختص کرنا چاہیے- شاید آپ میں سے کچھ لوگ میری ذاتی رائے سے اختلاف بھی کریں، میرے خیال میں ہمیں سکولز کی بلڈنگز بنا کر دی جائیں ، ہمیں استاد دیے جائیں بنسبت یہ کہ آپ ہمیں میزائل اور ٹینک بنا کر دیں- شکریہ-

Mr. Presiding Officer: Thank you Niaz Sahib. Yes Raja Sharjeel Hassan Soomo.

راجہ شرجیل حسن سومرو: شکریہ جناب سپیکر- میں یہ کہنا چاہوں گا کہ ہمارے صوبوں میں چاہے صوبہ پنجاب یا سندھ ہو technical education بہت کم ہیں - Technical centres تو بنے ہوئے ہیں لیکن وہاں پر یا تو equipments نہیں ہیں اگر equipments بھی وہاں پر آگئے ہیں تو پڑھانے کے لیے teachers نہیں ہیں- اس طرح rural areas کے جو studentsہیں وہ کیسے trainingحاصل کریں- اس لیے وہاں پر جو buildings ہیں ان کو fully furnishکیا جائے، equipکیا جائے، پھر وہاں پر teachers appoint کیے جائیں- دوسرا technical educationکو جب

بھی ہم پاکستان میں پڑھاتے ہیں تو میٹرک کے بعد startکرتے ہیں۔ Technical educationبھی پرائمری کے ساتھ چلنی چاہیے تاکہ جو بھی student یا بچہ technical side پر جانا چاہے تو وہ وہی سے اپنا career technical educationمیں ہی بنائے۔ شکریہ۔

Mr. Presiding Officer: Thank you Raja Sherjeel.

YP No. Complete جو بھی اب سپیکر ہے وہ اپنا اور اپنا completeنام بولیں۔ اگلے سپیکر راحیل نیازی صاحب ہیں۔

Mr. Raheel Sher Khan: Thank you Mr. Speaker for allowing me to speak on a such important topic. I think there is a great need to enhance to the existing programs of skilled development and vocational training in the country as it has got tremendous potential to provide employment to our youth in rural and urban areas. No, I would not go into the background that how many schools are functioning and how many schools are not. I will just like to give some suggestions and I hope that the Minister of Education would like to hear and gain benefit from it. First of all what can be done and an assessment can be carried to determine requirements of the skilled development facilities in the country and then based on this assessment

technical and skilled development plans can be enhanced. I will like to propose that existing schools may be inducted in this program and the substantial number of schools in public and private sectors can start regular evening and weekend programs for skilled development and technical and training programs. Next national and international job market analysis should be carried out to identify of skills in various target markets and then our youth should be trained in those relevant fields. Next I would like to say that vocational training institutes already working in Pakistan should update the curriculum in accordance with the current requirements and job opportunities in the agriculture, industrial and service sectors and PPS and ex MPP and expansion program of such training facilities in rural, urban areas while keeping in view regional considerations regarding youth population, skill level and unemployment. No, what we can also is that we should establish and encourage local craft …enterprises for income generation of villages and provide financial assistance for marketing of those enterprise products. In the end I would like to give the last suggestion that we should

institute a program of certification of informally acquired skills by technicians and workers in order to enable them acquire suitable jobs and financing.

میں یہاں پر ایک اور بات کہنا چاہوں گا کہ ابھی میری ruling party کے ایک ممبر نے نمل یونیورسٹی کی بات کی کہ اگر آپ اپنے پولیٹکل ریفرنس کو بیچ میں رکھتے بھی ہیں کیونکہ وہ ایک ایسے لیڈر نے بنائی ہے جو کہ آپ کے اپوزیشن میں بیٹھے ہیں - آپ ایک اور مثال لے سکتے ہیں کہ ڈاکٹر عبدالقدیر خان نے بھی میانوالی میں ایک institute بنایا ہے ، وہ ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ ہے - اس میں بھی جائیں تو میانوالی کی youth جو پہلے بے روزگار پھر رہی تھی، اس نے نہ صرف ایجوکیشن دی ہے بلکہ اس کے بعد انھیں روزگا بھی فراہم کیا - میری جو اپنی Ministry of Education اس سے یہی گزارش ہو گی کہ ہماری ان suggestionsکو سامنے رکھ کر ایک overall agendaاور ایک overall schemeکو ترتیب دیں تو میرے خیال میں اس سے ہمیں کافی فائدہ ہو گا- شکریہ-

Mr. Presiding Officer: Thank you Niazi Sahib. Mohterma Afsana Afsar.

مس آفسانہ آفسر: شکریہ جناب سپیکر- میری طرف سے ایک چھوٹی سی suggestion یہ ہے کہ آپ technical educationبھی start کر دیں - آپ vocational centres بھی بنا دیں، سکولز بنا

دیں، کالجز بنا دیں لیکن وہاں پر ہمیں students کو motivateکرنے کی ضرورت ہے - ایک بہت بڑا پرابلم چائلڈ لیبر کا ہے جس کو tackle کرنے کی ضرورت ہے، اگر چالڈ لیبر کا پرابلم tackle ہو جائے تو میرے خیال میں یہ جو suggestionہے یہ بھی کام کرے گی ، وکیشنل سنٹر بھی کام کریں گے اور technical educationکا جو مقصد ہے وہ بھی fulfill ہو سکے گا- شکریہ-

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: عمیر فرخ راجہ صاحب-

جناب عمیر فرخ راجہ: جناب سپیکر صاحب بہت بہت شکریہ موقع دینے کا- سب سے پہلے تو میں تھوڑے سے statsپیش کرنا چاہوں گا اس ایوان کے سامنے اور میں clarification بھی کرنا چاہوں گا اپنے فاضل ممبر کی - میرے پاس ابھی جو اعداد و شمار ہیں یہ Ministry of Education کے ہیں اور یہ وہ presentation ہے جو بجرانی صاحب نے جب وزیر تعلیم کا قلمدان سنبھالا تھا تو انھیں اس وقت منسٹری کی طرف سے یہ presentationدی گئی تھی اور اس کے اندر ہی یہ اعداد وشمار دیئے گئے ہیں تو اس کے authentic ہونے میں کوئی شبہ نہیں ہونا چاہیے- اس Technical اور professional institute اس وقت پورےملک کے اندر 1257کی تعداد میں ہیں جس میں سے 426 public and 831 private sectorمیں ہیں- اسی طرح سے vocational

training کے جو institutes اس وقت پورے
پاکستان میں ہیں وہ 3059 کی تعداد میں ہیں جس
میں 916 public and 2143 private sector میں
ہیں۔ اگر ان دونوں institutions کا technical,
professional as well as vocational
education institutes کا تناسب دیکھیں
opposite the total number of institutions
in the country تو یہ even 1.89 percent

آتا ہےeven 2 percent بھی نہیں ہے۔ یہاں پر میں اس بات پر زور دینا چاہوں گا کہ technical, professional or vocational mode of educationایک اپنے لحاظ سے اس لیے منفرد اور اہمیت کا حامل ہے کہ ایسے institutions جو فارغ التحصیل students ہیں وہ self-employmentکے جانے پر رواں دواں ہوسکتے ہیں اور اس سے ہمیں بے روزگاری کم کرنے کے اندر بھی مدد ملے گی۔ میرے اکثر points جو ہیں وہ مجھ سے پہلے speakers بیان کر چکے ہیں ، اس میں ان کو دوبار repeatکر کے اس لیے میں ا ن کو دوبارہ repeat کر کے ٹائم نہیں لوں گا۔ ایک اور بات میں اس کے اندر یہ add کرنا چاہتا ہوں کہ اگر آپ public and private sector کے درمیان جو differenceہے number of institutions کے respectiveاگر آپ دیکھیں یہ بہت زیادہ بڑے سکیل ہے۔ ہمیں کوشش یہ کرنی چاہیےاور گورنمنٹ کو اس بارے میں اقدامات کرنے چاہییں کہ پبلک سیکٹر کے اندر number of institutionsبڑھائے تاکہ جوہمارے غریب طبقے سے جو عوام تعلق رکھتے ہیں ان کو بھی vocational training کا حق مل سکے اور private sector کی جیسے آپ کو پتا ہے کہ فیس کافی زیادہ ہے تو ہماری populationکی اکثریت فیس بھرنے سےقاصر ہے۔

جناب معزز ممبر: پوائنٹ آف آرڈر۔ میں چاہتا ہوں کہ اس resolutionپر تھوڑا سا جو ہمارے Education کے Ministerہیں ان کے تاثر

ہمیں مل جائیں تو پھر وہ آسان ہو جائے گا.House could debate it very easily شکریہ۔

Mr. Presiding Officer: Ok. The point of order is valid. Yes Minister Sahib.

جناب وزیر تعلیم: شکریہ جناب سپیکر صاحب اور اپوزیشن لیڈر سالار قافلہ کا بھی شکریہ - جناب میرے بھائیوں نے یہاں تھوڑی سیاست کی بات کی ، نمل یونیورسٹی کی بات اور راحیل نیازی صاحب نے ڈاکٹر عبدالقدیز خان کے کسی institute کی بات کی اور اس کے بعد کراچی کے طلباء کے سیاسی جھگڑوں کی بات کی۔ کراچی میں Swedish collegeیہ ہوئے تھے - میں یہاں یہ بات واضح کر دوں کہ کراچی کے اندر اور بلوچستان کے اندر کئی ایسے ادارے ہیں جہاں teachersآتے ہیں لیکن وہا ں studentsنہیں آتے at the end of the day اور مخصوص طلباء گروہ جب papers ہو رہے ہوتے ہیں تو وہ پہنچ جاتے ہیں اور ان کو degrees مل جاتی ہیں تو یہ تو بنتی ہے collective responsibility کہ اس ایوان کو بھی سوچنا ہو گا کہ ایسی fakeڈگریاں چاہییں یا کچھ حاصل کر لیں۔ بہر حال بہت سے Institutes ہیں جو کام کر رہے اور فرخ جدون بھائی نے public private partnership کی بات جو کہ ہمارے manifesto کا حصہ اور میں سمجھتا ہوں کہ انہوں نے بڑی اچھی بات کہہ دی اور موقف بھی خودبیان کر دیا اور ہم بھی چاہتے ہیں کہ public private partnership ہو

اور سندھ کے اندر یہ دیکھنے میں بھی آئی ہے اور اللہ کرئے دوسرے صوبوں میں -----

جناب معزز ممبر: میں ایوان کی توجہ اس طرف مبذول کرانا چاہوں گا کہ یہ قرارداد vocational technical education کے بارے میں ہے نہ کہ publicاور private sectorکے اشتراک کے بارے میں تو مہربانی کر کے موضوع سے انحراف نہ کیا جائے۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر : ٹھیک ہے مگر راجہ صاحب یہ point بھی آپ کی طرف سے ہی اٹھایا گیا تھا۔

وزیر برائے تعلیم: جناب ! میں یہ ان کو واضح کر دوں کہ public private partnershipکیا ہے - بہت سے ایسے ادارے ہیں جو گورنمنٹ کی ملکیت ہیں لیکن وہاں گورنمنٹ کے پاس اتنے resourcesنہیں ہیں تو ظاہر سی بات ہے کہ کسی NGOs کو دیئے جائیں گے کہ آپ یہاں پر vocational courses کرائیں تو اس میں میرے خیال میں کوئی جرم تو نہیں ہے اگر public privateکا لفظ استعمال کر لیا جائے۔ میرے بھائی فاروق جدون نے بینظیر technical support programکی بات کی - یہ بینظیر technical support programنہیں ہے - یہ بینظیر IT Programہے - اس کے علاوہ ایجوکیشن کے پروگرام تھے اور اسی طرح سندھ بلوچستان میں ، میں دوبارہ کہوں گا کہ ایک collective responsibility لینی ہو گی - اوارے تو ہیں -

وہاں teachers بھی آتے ہیں لیکن ہمارے students جو کہ بہت متوسط طبقے سے تعلق رکھتے ہیں تو ان کو تھوڑی سی آسانی ہوتی ہے کہ at the end of the day کسی تنظیم کے پاس جائیں گے سو یا پچاس روپے دے کر پیپر حل کروا کے آ جائیں گے -جب تک عوام میں شعور نہیں ہو گا تو گورنمنٹ اکیلے کچھ نہیں کر سکتی تو برائے مہربانی اپنے بھائیوں اور دوستوں میں collective responsibility کا شعور پیدا کرنا چاہیے اور اس کے لیے ہمیں کوشش کر نی چاہیے- اس کے علاوہ عمیر فاروق بھائی نے بجرانی صاحب کے جن حوالوں کی بات کی تو بھائی جان بہت سے ایسے institutes ہیں جیسے میرے پہلے بھائی نے بات کی کہ ghosts ہیں اور وہ files پر ہے اور یہ حقیقت ہے - یہ بجرانی صاحب کو یا جس کو بھی دیا گیا ہم اس پر rely کریں نہ کریں یہ تو ایک الگ مسئلہ ہے لیکن بہرحال یہ اچھی بات ہے vocational and training institutes ہونے چاہییں- ایک مسئلہ اور ہے کہ غریب کے پاس تو روٹی کھانے کے پیسے نہیں ہیں- میرے پاس تو یونیورسٹی جانے کا کرایہ نہیں ہوتا - یہ ظاہر بات ہے کہ جب غریب کے پاس پیسہ نہیں ہو گا تو اپنے بیٹے کو کیسے vocational institute بھیجے گا وہ تو اسے کسی workshop پر بھیجے گا- پہلے جب تک ہماری اقتصادی حالت ٹھیک نہیں ہوتی تو میرے خیال میں vocational اور training colleges ہونی چاہیےمیں اس کی مخالفت نہیں کر رہا بلکہ میں اس

کے حق میں ہوں کہ ہونے چاہییں۔ یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جناب سپیکر کہ اس میں بہت سی دشواریا ں ہیں کیونکہ education system بھی مختلف طریقے کا ہے۔

جناب معزز ممبر: Point of order ایک ایسے ملک میں جہاں ایوان صدر کا خرچ پچاس کروڑ اور وزیر اعظم ہاوس چالیس کروڑ Governor houses, DCO houses یہاں پر اربوں روپے کے غیر تقیاتی اخراجات پائے جاتے ہیں تو ایسے ملک میں آپ یہ بات کریں کہ technical education کے لیے ہمارے پاس پیسے نہیں ہیں---

Mr. Presiding Officer: OK, let him complete first. You will speak on your own turn.

ضمیر احمد ملک (وزیر برائے تعلیم) : جناب سپیکر ہماری قوم تنقید کرنے کی ماہر ہے اور انہوں نے بات ایوان صدر کی ہے۔ جناب سپیکر یہاں کتنی lights جل رہی ہیں، یہ ملک کی بجلی ضائع ہو رہی ہے - یہ بند کر دو۔ اگر ایک لائٹ جلا کر کام ہو سکتا ہے۔ Collective responsibility نہیں ہے۔ آپ صدر کو کوستے ہو ، آپ وزراء کوستے ہویقنا فرشتے تو نہیں ہیں، فرشتے ہوتے تو میرے خیال میں سیاست نہ کرتے - وہ آج پیری مریدی کر رہے ہوتے۔ بات یہ ہے کہ collective responsibility بھی کوئی چیز ہوتی ہے۔ جب آپ کے گھروں میں پانی بہہ رہا ہوتا ہے ، آپ کو اللہ اتنی توفیق نہیں دیتا کہ یار یہ قوم

کا پانی ہے ، صاف ستھرا پانی ہے ، واٹر پمپ سے آ رہا ہے اس نلکے کو بند کر دیں۔ یہاں bulbs جل رہے ہیں اور ہم تنقید کر دیتے ہیں۔ اب یہ ساری lights جل رہی ہیں ، اتنی lighting ہو رہی ہے۔ یہ بجلی تو دوبارہ produce نہیں ہو گی ، یہ تو چلی گئ۔ بھلے یہ مارگلہ والے اپنا بل دے دیں گے - ان کے بل دینے سے کیا یہ بجلی produce ہو گی۔ یہ تو غریب کی خون پسینے کی کمائی کو غلط استعمال کیا جا رہا ہے۔ میں اپنے بھائی سے یہ کہوں گا کہ خدارا تنقید کا وقت نہیں ہے ، اپنی اصلاح کرو۔ تنقید کرنے میں ہماری قوم بہت آگئے ہے - خدارا collective responsibilityکا مظاہرہ کرو۔ اگر آصف زرداری کو عقل نہیں ہے تو اللہ نے آپ کو دی ہے - آپ یہ کام کر سکتے ہو۔ بھائی جان بہت بہت شکریہ۔ میں آخر میں یہ کہوں گا کہ اس کے اوپر votingکرا لی جائے تو بہتر ہے۔

جناب معزز ممبر: پوائنٹ آف آرڈر - جناب سپیکر صاحب یہ ضمیر صاحب نے کوئی یار یار کے لفظ استعمال کیے ہیں۔ یہ پارلیمنٹ ہے ، یہ decorumکا کچھ خیال کریں۔ شکریہ۔

Mr. Presiding Officer: The point is valid. Next Ahmed Javaid Sahib.

جناب احمد جاوید: شکریہ جناب سپیکر، کچھ گزارشات ہیں جو میں پیش کرنا چاہوں گا - ہم انشاء اللہ اپنی سفارشات کمیٹی کو بھی دیں گے - سب سے پہلے اعداد و شمار کے مطابق جو دیکھا گیا ہے کہ پاکستان میں پرائمری میں سکولوں کی

تعداد جن میں ghosts schoolsبھی آتے ہیں جیسے حکومتی سائیڈ سے point out کیا گیا لیکن جو کل تعداد ہے وہ تین لاکھ سے زیادہ ہے - جب آپ کالج کے لیول پر جاتے ہیں تو وہی تعداد پندرہ سو سے بھی کم کی رہ جاتی ہے- یہ ایک natural drop out rateہے - یہ ایک natural drop out createکرتا ہے کہ جو طالب علم صرف وسائل کمی کی کمی سے کیونکہ facilitiesنہیں ہیں اس وجہ سے وہ drop outہو رہے ہیں اور تعلیم میں continueنہیں کر سکے- یہ جو vocational and technical educationہے یہ ان طالب علموں کے لیے ہے ایک بہت اہم ذریعہ ہے کہ ان کو further educationبھی دی جائے اور معاش کا ایک ذریعہ بھی دیا جائے اس کے ساتھ ساتھ جو چند نقاط ہاوس میں اٹھائے گئے کہ fake degreesدی جاتی ہیں، ghost schoolsہوتے ہیں، سلیبس regulated نہیں ہوتا اور اس طرح کے جو نقاط ہیں اس کے لیے ہماری سفارشات میں یہ کہا گیا ہے ایک national commissionبنایا جائے جو تمام vocational and technical education bodies جو ہیں جو provincial levelپر set upہوئی ہوئیں ہیں اور جو national levelپر set up ہوئی ہیں ان کو monitorکرے ، ان کی workingکو monitorکرے اور یہ ensureکرے کہ وہاں پر جو standard of educationہے وہ upholdکیے جا رہےہیں- اس کے ساتھ ساتھ اس کمیشن کا ایک اور کام بھی ہوگا - یہ ایک pilotپروگرام کے طورپر پہلے سے launchکر دیا جا چکا ہے گورنمنٹ کی

جانب سے جو ایک بہت اچھا stepہے اور ہم چاہتے ہیں کہ اس کو further encourageکیا جائے کہ گورنمنٹ involvementہے vocational educationمیں - جس طرح Education Minister Sahibنے کہا کہ ہمارے پاس تو بس کے پیسے نہیں ہیں تو ہم بچوں کو کس طرح ایجوکیش کے لیے بھیجیں تو گورنمنٹ نے اس طرح سے ایک pilot program launchکیا ہےجس میں چند جگہوں پر آپ scholarshipsبھی دے رہے ہیں اور ساتھ ساتھ stipendبھی دے رہے ہیں ان طالب علموں کو جو institutesمیں آکر تعلیم حاصل کر رہے ہیں - اس پروگرام کو مزید وسیع کرنے کی ضرورت ہے اور تمام ضلعی لیول تک لے جانے کی ضرورت ہے - اس کے بعد ایک اور اہم بات ہے کہ ان اداروں میں جو vocational educationکے ادارے ہیں ان میں دو وجوہات ہیں کہ اس وقت یہ اپنے full potentialپر کام نہیں کر رہے- ایک یہ کہ طالب علموں کی کمی ہے- اس کی وجہ یہ ہے کہ ہم informal sectorمیں بچوں کو بھیج دیتے ہیں اور گورنمنٹ اس میں جو scholarship and stipendکا پروگرام ہے اس کو encourageکرے تو تو automaticallyوہ involvementبڑھے گی - اس کے ساتھ ساتھteachersکی کمی ہے- ہمارے خیال میں ایک teachers’ training program initiateکرنا چاہیےجس کی basisپر آپ اساتذہ کی trainingکریں تاکہ ان schoolsمیں اساتذہ کی فراہمی کو ensureکیا جا سکے- آخری نکتہ جو میں بلکہ دو نکات جو میں اٹھانا چاہتا ہوں کہ اس

پروگرام کی ایک بہت اہم بات پاکستان کے لیے foreign exchange earnings ہیں - اس وقت estimate کیا جا رہا ہے کہ 2007 میں 3.5 billion dollars آپ کے oversea workers نے remit کیے تھے into Pakistan اور پاکستان کے اندر اس وقت بہت major foreign exchange کا مسئلہ ہے - اگر ہم اس پروگرام کو initiate کریں اور emerging markets جیسے ملیشیا اور کوریا ہیں ان کو اگر tap کیا جائے تو ہم ان workers کو وہاں بھیج کر اپنے foreign exchange earnings کو بھی improve کر سکتے ہیں-

آخری نکتہ جو میں اٹھانا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ ہم سب کو پتا ہے کہ حکومتی وسائل محدود ہیں اور پاکستانی حکومت کے پاس ایک حد تک اس میں involvement کی گنجائش ہے - لہذا ہم private sector کے علاوہ multilateral donors کی involvement اس میں encourage کریں گے جس طرح کہ UNESCO ہے یا UNICEF ہے تاکہ وہ ادارے جو یہاں پر ایجوکیشن میں پہلے سے involved ہیں education sector میں وہ آکر vocational اور technical education میں بھی کردار ادا کریں-

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ ، جی ضمیر ملک صاحب-

جناب ضمیر ملک: جناب میں پھر یہ بات کروں گا اور تھوڑی سی مثال دوں گا کہ ہمارے صوبہ سندھ کے اندر جو پروگرام launch کیا گیا مختلف ڈیپارٹمنٹ کے لیے ، بینظیر بھٹو

پروگرام جو launchکیا گیا وہاں پر دیکھنے میں

یہ آیا سپیکر صاحب کہ لوگوں نے کلاسز نہیں لی

اور at the end of the dayوہ پیسے لینے آ

گئے کیونکہ ایک بڑا اچھا سسٹم تھا chequesکے

throughتو بات یہ ہے کہ عوام میں اتنا شعور

ہونا چاہیے کہ جب اس طرح کے programsآتے ہیں

جہاں پیسہ مل رہا ہوتا ہے خاص طور پر

vocational and training programsتو عوام یہ

سوچتی ہے کہ چلو ، وہ پڑھنے کی نیت سے نہیں

جاتے- صاف بات یہ ہے کہ عوام بھوکی ہے اس کو

روٹی کپڑا مکان چاہیے- بات یہ ہے کہ اگر عوام

کو کوئی اس طرح کی facilityدی جاتی ہے کہ آپ

کو اس طرح کی trainingدیں گے اور آپ کو آخر

میں پانچ ہزار ؛ چار ہزار جیسے سندھ ہوا ، پتا

چلا کہ کئی کلأسز میں studentsنہیں آئے اور

آخر میں وہ اچھا سسٹم تھا وہ IT departmentتھا

تو IT departmentنے تھوڑا سا اپنے کمپیوٹر کے

ذریعے یا جو بھی softwareتھا ، attendanceکا

سسٹم تھا وہ تو بچ گئے لیکن جو دوسرے ہمارے

departmentsہیں زکوۃ منسٹری تو جو ہمارے زکوۃ

منسٹر ہیں وہ تو ان پڑھ ہیں ان کا تو پتا نہیں

ITکا ، وہ تو یہ سسٹم نہیں چلا سکتے - بات وہی

آجاتی ہے کہ عوام کو خود یہ شعور دینا چاہیے -

پہلے عوام شعور دو کہ صرف پیسے کے لیے مت

جاو، اپنا ہنر سیکھو - آپ کو یہ پیسہ بعد میں

مل جائے گا یا کم از کم ایسا کریں کہ پہلے

معاشی حالت بہتر کی جائے- یہ بھی اچھی چیز ہے

میں مخالفت نہیں کرتا لیکن جو میرے بھائی بات

کی ، ہماری عوام کے اندر یہ چیزہے کہ جب مفت کا ملتا ہے ناں مال مفت دل بے رحم- آپ بھی جانتے ہیں ، میں بھی جانتا ہوں تو بجائے اس کو مزید کو discussکیا جائے بہت اچھی رائے ہے ؛ یہ اس وقت کی ضرورت ہے کہ لوگوں کو ہنر ملے- اس پر votingکرا لی جائے اور بعد میں ہم مختلف آراء سے اور جو مسئلے مسائل گورنمنٹ کے ہیں وہ مل بیٹھ کر حل کر لیں گے- ابھی اگر ہم اس کو discussکرتے رہیں گے تو میرے خیال میں بہت سے مسئلے مسائل ہیں جو شاید اس طرح discussنہ ہو سکیں تو اس کے اوپر voting کرا لیں اور پھر کمیٹی کے اندر اس چیز کو بھیج دیا جائے اور انشاء اللہ تعالی کمیٹی میں بیٹھ کر ہم اور ہمارے جو بھائی ہیں مآشاء اللہ سارے لائق و فائق بھائی ہیں تو انشاء اللہ تعالی اس کو حل کر لیں گے-

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: شکریہ ضمیر صاحب ہم نے آپ کی suggestion noteکر لی ہے- اگلےسپیکر فواد ضیاء صاحب-

جناب فواد ضیاء: میرے colleaguesنے کافی میرے جذبات کی رہنمائی کر دی ہے - میں کچھ recommendationsدینا چاہوں گا -پہلی بات تو یہ ہے کہ vocational and technical educationکے لیے ایسے پروگرام شروع کیے جائیں جن کی industryمیں کھپت ہو اور انڈسٹری کو لگانے کے لیے جو privatizationکا ایک چکر شروع کیا ہوا ہے اس کو بند کیا جائے کیونکہ جو ہماری

vocational and technical labour یہ کدھر
بارآور ثابت ہو گی - اگر ہم لوگ اپنی
industries privatize کر رہے ہیں تو پھر یہ
labour یہاں پر پاکستان کے اندر بارآور ثابت
نہیں ہو سکتی - پہلا point یہ ہے کہ ہمارے بھائی
ایجوکیشن منسٹر نے public private
partnership کی بات کی اور یہاں سے ہمارے
نیاز بھائی نے بات کی کہ بلوچستان میں ghost
schools ہیں اور teachers کی availability نہیں
ہے اس پر میری suggestion ہے جو ہمارے
skilled vocational technical workers باہر کے
ممالک میں جا کر کام کرتے ہیں اس کی باقاعدہ
Ministry of Overseas Pakistanis کے پاس
list موجود ہوتی ہے - ان کو جو ex-Pakistanis ہیں
جو باہر سے واپس آنا چاہتے ہیں ان کو as a
skilled technical teachers induct کیا جائے-
جس طرح کہ تقریباً چار پانچ سال پہلے HEC کے
تحت یہ پروگرام کیا گیا تھا کہ جو
Pakistanis تھے باہر کے ممالک میں جنہوں نے
higher education حاصل کی ہوئی تھی ان کو وہ
کہتے ہیں بہت اچھے package پاکستان آنے کی
offer دی گئی تھی - اسی طرح جو ہماری
vocational and technical labour ہے اس کو بھی
آپ واپس آ کر as a teacher induct کر سکتے
ہیں- تیسری بات بھائی نے یہ کی کہ schools میں
غربت کی وجہ سے drop out level بہت increase ہو
جاتا ہے - اس کی ایک suggestion یہ دی گئی کہ
stipend دیا جائے؛ stipend کے لیے کہا گیا

کہ لوگ صرف stipend لینے کے لیے آ جاتے ہیں تو میں راہنمائی کرنا چاہوں گا کہ اگر عوام بھوکی ہے تو عوام کو کھانا کھلاو- اس بات کی practical implementation کے under UNافریقہ میں initiate programmesہوئے ہیں جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ اس سے drop out level controlہوا ہے - وہ کیا ہے ؟ سکول میں meals studentsکو دیئے جاتے ہیں جس سے نہ صرف کہتے ہیں آپ کے studentsکا drop out controlہوتا ہے بلکہ اس کی افریکن countriesمیں جو آپ کی food inflationوہ بھی controlہوتی ہے - تیسری بات یہ ہے کہ وہاں پر malnutritionکا ہے جس کی وجہ سے healthمیں improvementہوگی- اس طرح تین چیزیں cover ہوتی ہیں اگر schoolsمیں آپ meals provideکریں- شکریہ جناب سپیکر-

جناب سفیان احمد بجار: جناب سپیکر point of orderمیں صرف فواد صاحب سے یہ پوچھنا چاہوں گادنیا میں کونسی گورنمنٹ ہے جو steel millsچلاتی ہے؟ دنیا میں کونسی گورنمنٹ ہے جو paper mills چلاتی ہے - یہ گورنمنٹ کا کام ہے ہی نہیں- آپ ان چیزوں کو کیوں privatize نہیں کر رہے؟ جو communist governmentsوہ believe کرتی ہیں on state occupation of the institutionsاور آج کی کوئی communist governmentsبھی نہیں ہے جو state ownکرتی ہیں ایسی چیزوں کو-

جناب فواد ضیاء: میں اس کی clarificationدینا چاہوں گا - میں جس pointکی

طرف نشاندہی کرنا چاہ رہا تھا وہ یہ تھا کہ جب کوئی privatize ادارہ ہوتا ہے تو کافی زیادہ اس کی لیبر آ کر بے روزگار ہو جاتی ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ اگر آپ privatize کرنا چاہتے ہیں تو ان کے ساتھ ایسے شرائط پر کریں کہ ہماری جو لیبر ہے وہ بے روزگار نہ ہو۔ شکریہ۔

A Honourable Member: Point of clarification.

انہوں نے جو point raise کیا کہ کونسی گورنمنٹ ہے جو سٹیل مل چلاتی ہے؟ اس لیے privatization کی طرف جا رہی ہے تو kindly اگر آپ global recession دیکھیں تو امریکہ جو سب سے بڑا free market economy کی وکالت کرتا ہے انہوں نے اپنے جو institutions ہیں یا جو banks ہیں ان کو nationalize کافی حد تک کر دیا اور General Motors یا جو ان کی بڑی بڑی companies ہیں وہ ان کے لیے general nationalization کی طرف جا رہے ہیں۔ ہم الٹی طرف جا رہے ہیں۔ ہم privatization کا ڈھنڈورا پیٹ رہے ہیں۔ شکریہ۔

جناب سفیان احمد بجار۔ جناب سپیکر صاحب I want to give a point of personal explanation.

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: بجار صاحب پہلے اجازت لیتے ہیں اس کے بعد بولتے ہیں۔ آپ تشریف رکھیں۔ نیاز مصطفی صاحب۔

جناب نیاز مصطفی : جناب سپیکر صاحب میں جنرل ایجوکیشن پر بات کروں گا then I will take vocational training specifically. کہ انسان کی بنیادی طور پر تین ضرورتیں ہیں کہ وہ روزی اور روٹی کمائے، اچھی زندگی گزارے اور معاشرے کی اچھی عکاسی کرے اور معاشرے کا useful member ہو لیکن ہمارے معاشرے میں جس قسم کی تعلیم دی جارہی اس میں کچھ چیزیں تو ضرور سامنے آتی ہیں لیکن بنیادی طور پر جو اصل مقصد ہے اس کو پیچھے چھوڑ دیا جاتا ہے - اگر ہم صرف اور صرف vocational education لیں تو پھر ہم یہ دیکھیں گے کہ ڈاکٹر جو ہے وہ صحت کے لیے کام تو کر سکتا ہے لیکن Medicine itself is not health. اگر ہم اس طرح سے دیکھیں کہ جب تک انسانوں کے کرداروں کو ہم بہتر نہ کریں ، یہ ہمارے Education Minister Sahib نے بار بار شعور کی بات کی تو who is responsible for this one. یہ بھی تو ہماری حکومت کی responsibility ہوتی ہے کہ وہ اس طرح کی standard education دیں اپنے students کو اپنی قوم کے بچوں کو تاکہ وہ یہ سب چیزیں سیکھ سکیں- بنیادی مقصد جو ہے جو ہمارے لیے زیادہ helpful ثابت ہو سکتا ہے وہ یہ ہے کہ character کی education evaluate کی جائے - لوگوں کو vocational education کے ساتھ ساتھ ملک کے ساتھ patriotism سیکھایا جائے- یہاں کے لوگ یہاں education حاصل کرتے ہیں تو پھر باہر چلے جاتے ہیں جو اچھے efficient لوگ ہوتے ہیں

جو باہر والے efficientلوگ ہوتے ہیں یہاں سے چلے جاتے - ان سب باتوں پر اگر صحیح طرح کام کرے تو بڑی اچھی developmentہو سکتی ہے- ہماری educationمیں جو بنیادی flawہے میں یہ سمجھتا ہوں کہ ایک شخص جس نے ایم اے کیا ہوا ہو کوئی master degreeکی ہوئی ہو لیکن وہ اپنی اس فیلڈ میں یہ نہیں claim کر سکتا کہ میں ماسٹر ہوں- اس چیز کو ہمیں improveکرنا چاہیے- چاہے whatsoever the case may be, I mean general vocationalہو ، چاہے وہ education educationہو ، چاہے وہ economicsکی educationہو کسی قسم کی educationہو اس میں ہمیں اچھی طرح proceedکرنا چاہیے اور بجٹ کے حوالے سے یہ ہے کہ نیپال کتنا چھوٹا سا ملک ہے اور اس کے resources بھی کتنے کم ہیں اسے 7سے بھی زیادہ رکھا ہوا ہے جب کہ ہماری طرف 2.4ہے اور یہ مشرف صاحب جتنا بھی claimکرتے رہیں کہ ہم educationکے لیے یہ کر رہے ہیں، وہ کر رہے ہیں- یہ 1977سے aboveکم ہی ہوا ہے اور یہ 2005 میں آکے تھوڑا سا improveہوا وہ بھی 2.4تک پہنچا ہے تو اس بارے میں گورنمنٹ سے میری یہ requestہے کہ اس حوالے سے کام کریں کہ ایک تو budgetکو specifyکریں اور disciplineکو maintainکریں in the local area specifically.یہاں دیکھیں capitalمیں تو بہت اچھا ہو سکتا ہے لیکن جہاں lower schools جس طرح فواد بھائی بات کر رہے تھے کہ ghost schoolsہیں ان کے لیے کون کام کرے گا،

گورنمنٹ responsibilityلے نہیں رہی۔ اگر گورنمنٹ اس کی responsibilityلے اور اس پر خاص طور پر کام کرے تو بڑا کچھ ہو سکتا ہے ۔ میں ایک شعر عرض کرنا چاہوں گا۔

شکایت ہے مجھے یا رب خداوندان مکتب سے
سبق شاہین بچوں کو دے رہے خاک بازی کا

شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: جی جناب اعصام رحمانی ۔

جناب محمد اعصام رحمانی: میں آپ کی respect میں raise point of orderہیں کرنا چاہ رہا تھا مگر میں آپ کو تھوڑی سی پارٹی پالیسی کلیئر کرنا چاہ رہا ہوں، گرین پارٹی کی جو پارٹی پالیسی ہے اس میں ہم لوگ advocate privatizationکرتے ہیں مگر جو growing global financial crisisہیں اور اس وقت کے حالات دیکھتے ہوئے کہ چیزیں changeہوتی ہیں۔ اس کی وجہ سے it is in the national interest for the nationalization of certain industry in Pakistan.پہلی یہ بات clearکرنا چاہ رہا ہوں ۔ دوسری بات میں یہ کہنا چاہ رہا ہوں اگر ہم لوگ resolutionکے pointپر رہیں گے تو زیادہ اہم رہے گا۔ Uniformityکی بات ہم آگے کریں گے انشاء اللہ after the break. مگر بات یہاں پر ہوئی تھی technical and vocational educationسے جو رولنگ پارٹی ہے

اس کی سائیڈ سے بالکل distract ہو گئی ہے ۔
تیسری بات جس سے مجھے بہت پریشانی ہو گئی ہے
اور کچھ زیادہ افسوس ہو گیا وہ یہ بات ہے کہ
ہمارے جو Education Ministerہیں وہ دفعہ کھڑے
ہوئے اور ہم نے لوگوں technical educationکی
بات کی اور technical education بلوچستان
کے بارے میں بات کی اور ایک دفعہ نہیں کئی
دفعہ لیکن انہوں نے صرف retaliateکیا ۔ ہمیں
explainتو کریں کہ وہ کیا کر سکتے ہیں۔ ہمارے
لیے کتنا leverageہے ۔ کیا ہو سکتا ہے ، کیا
نہیں ہو سکتا اور please ذرا بلوچستان کو
highlightکریں کیونکہ یہ بہت بڑا matter of
concern ہے ۔ شکریہ۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: ضمیر صاحب
آپ نوٹ کر لیں ، ہم endمیں آپ کو ٹائم دیں
گے۔ محترمہ گل بانو۔

محترمہ گل بانو: جناب سپیکر صاحب!ٹکنیکل
ایجوکیشن کی جو importanceہے اور جس طرح
ہمارے ملک میں اسے ignoreکیا جا رہا ہے ، اس
کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ
پاکستان میں only one student out of five
can reach to university. It means 80
percent students just complete their
metric education.میرا سوال یہ ہے اس ہاوس سے
کہ ان 80 percent studentsکا کیا مستقبل ہے ۔
وہ studentsجو Pakistanکا futureہیں ، ان کا
اپنا کوئی future Pakistan میں نظر نہیں آتا ۔
پوری دنیا میں human resources کے ذریعے

Especially - کیdevelopment جاتی ہے
ان50% earning میںdeveloped countries
human resourcesکے لیے میں اگر انڈسٹری کا
لفظ استعمال کروں تو I think it is better.
Pakistanمیں human resource industryکے اوپر
بہت ہی کم کام ہوا ہے۔ جہاں تک technical
vocational institutionsکی quality wise اگر
بات کی جائے، اگر quantity دیکھی جائے تو
پانچ چھ ڈسٹرکٹس میں آپ ایک با مشکل
vocational or technical educational
institute نظر آتا ہے - اس میں physical
facilitiesنہیں ہیں absenteeism of teachers
ہے - بلڈنگز نہیں ہوتی ہیں، اگر buildings ہیں
ایک proper planning and policyاس کے لیے
نہیں ہوتی۔ گورنمنٹ کو جو سب سے بڑا step لینا
چاہیےکہ تمام vocational institutesکو
superviseکرئے۔ اپنی ایک clear policy بنائے
تاکہ پاکستان کے 80% لوگ، 80 percent وہ
نوجوان جن کا کوئی مستقبل نظر نہیں آتا ہے وہ
بھی پاکستان کی developmentکے لیے ایک طرح
کا حصہ بن سکیں۔ دوسرا vocational
institutionsاور technical education کی
importance پاکستان میں اس طرح بھی ہے کہ
پاکستان میں about 66.6 percent people are
living in rural areas. وہاں تو ویسے ہی کسی
قسم کی facilities نہیں ہوتی ہیں۔ Boys تک کی
بات تو سمجھ آتی لیکن girlsکا اگر آپ دیکھیں
تو سندی میں only 17.95 girls can read and

تو اس حد تک ہماری illiteracy level ہے write - ایسے موقع پر اگر vocational training دی جائیں تو women بھی ایک strong part Pakistan کی development کا بن سکتی ہیں۔ I here just suggest کہ strongly supervision ہونی چاہیے اور clearer policy ہونی چاہیے۔ شکریہ۔

جناب پریزائیڈنگ آفیسر: جی زاہد اللہ وزیر صاحب۔

Mr. Zahidullah Wazir: Mr. Speaker no one denies the importance of skilled labour in the industrial development of a country and these skilled labour would come from these technical and vocational training institutes but the dilemma of our country is that we treat and we have always treated education as a step mother and the technical and vocational training education institute is a double step mother. And I would like to pin point to very important problems. One of the problem is that there are high standard vocational institutes whether they are on paper or functional. And the second is that technical education is for those students who are not given admission in other field. So, those student s they come to these training and vocational training institutes they are not good students.

So, now I would like to give two or three solutions. One of the solutions is that there should be high standard technical and vocational training institutes should be established in the country so that good students go to these institutions and they play their role in the development and industrial development of the country and incentives should be given to the students and the teachers as well so that these institutions are attractive for intelligent students. Number third, some of the subjects of social sciences like political science, like sociology, like philosophy should be included in the curricula of these institutions so that the primary purpose of education is awareness, which is the furnishing of technical, critical and radical skew of the students and the broadening of once mental horizon of the students is fulfilled. So, the inclusion of some of the subjects of social sciences should be there. The primary purpose of education is awareness. If there is awareness in the people they would be collective conscious, when they are collectively conscious they would play more important and more assertive role in the development of the country. Thank you Mr. Speaker.

جناب پریزائیڈنگ آفیسر: ضمیر صاحب ہم ابھی آپ کو ٹائم دیتے ہیں - ہماری visitors’ gallery میں پروفیسر لائیق احمد صاحب تشریف لا چکے ہیں ہم ان کو اپنی پارلیمنٹ خوش آمدید کہتے ہیں۔

Now I request Mr. Prime Minister to wind up the resolution.

جناب ضمیر ملک: جناب سپیکر پوائنٹ آف آرڈر - میں یہ معلوم کرنا چاہ رہا ہوں کہ telephonic resolution کے بارے میں کیا رولنگ ہے۔

جناب پریزائیڈنگ آفیسر: ابھی آپ تشریف رکھیں Leader of the House بول رہے ہیں اس کے بعد آپ کو ٹائم دیں گے۔

جناب وزیر اعظم : بہت شکریہ سپیکر صاحب - یہاں پر اس سے پہلے کہ میں resolution کی spirit پر بات کروں- یہاں پر کچھ باتوں کی وضاحت کرنا بہت ضروری ہے- یہاں پر چونکہ privatization debate کی سائیڈ پر نہیں تھی لیکن کچھ members اس کو debate کے اندر لے کر آئے- میں یہ بات واضح کر دوں کہ ہماری جو بلیو پارٹی ہے اگر آپ اس کے manifesto کو اٹھا کر دیکھیں تو اس میں تو شروع سے ہی Pakistan کے strategic اداروں کو nationalize کرنے کی بات کی گئی ہے بلکہ جب یہ economic mess start ہوا تھا تب یہ لوگ privatization کی بات کرتے تھے اور اب ہم یہ

ہم پہلے nationalizationکے اوپر ہو گئے ہیں۔ ہی سے، ہمارے جو economic ماہرین ہیں nationalizationکی بات کر رہے تھے تاکہ ہم اس mess میں نہ جا سکیں۔

جناب اعصام رحمانی: میرا point of order یہ ہے کہ اسی لیے میں نے اپنی پارٹی پالیسی کلیئر کی تھی۔

Mr. Presiding Officer: Right. Point of order is valid.

جناب وزیر اعظم: شکریہ جناب سپیکر، یہاں پر میرے Education Minister نے speech کی تو انہوں نے کہا تھا کہ ہم اس گرین پارٹی کی resolution سے totally agree کرتے ہیں اور فواد ضیاء اور احمد جاوید صاحب کی طرف سے بہت ہی valid suggestions آئیں جن کو ہم ضرور اپنی گورنمنٹ کی پالیسی میں شامل کریں گے۔ سپیکر صاحب، دکھ وہاں پر ہوتا ہے جب suggestions کو شامل کیا جاتا ہے اور ہم یہ کہتے ہیں کہ ہم اس سے agree کرتے ہیں لیکن تنقید برائے تنقید کے لیے یہ کہا جاتا ہے کہ ہم آپ کی suggestions include نہ کر رہے اور ہم صرف retaliate کر رہے ہیں جب کہ ہمارے سپیکر صاحب نے واضح طور پر کہا تھا کہ ہم agree کرتے ہیں اور آپ کی suggestions کو شامل کریں گے۔ جناب سپیکر صاحب اس کے ساتھ ہی ایک بات کہنا ضروری ہے کہ اگر بلوچستان میں ghost schools ہیں ، پنجاب میں بھی ہیں سرائیکی بیلٹ میں ، سرحد کے اندر میں بھی

ہیں، سندھ کے اندر بھی ہیں تو اگر سندھ کے ماڈل کو بنیاد بنا کر بات کی جاتی ہے تو اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ پاکستان کسی بھی صوبے کو ایجوکیشن کے اندر ignore کر رہے ہوں - دوسری بات یہ ہے کہ نیپال کے بجٹ کی بات کی گئی تو نیپال کی دفاعی ضروریات وہ نہیں ہیں جو پاکستان کی ہیں نہ ہی نیپال کی population اتنی ہے کہ آپ اس کو پاکستان کی پاپولیشن سے compare کر سکتے ہیں- ہم اس طرح ہی education budget کا phenomenally Pakistan اتنا increase نہیں کر سکتے جتنا اس وقت نیپال نے کیا ہوا ہے- جناب سپیکر میں آخر میں Vocational training institutes کے اوپر پارٹی پالیسی واضح کر دوں کہ ہم بالکل اس کے حق میں ہیں کیونکہ اس سے unemployment کم ہوتی ہے، اس سے remittances آتے ہیں اور سب سے بڑی بات کہ ہمارے کو اس وقت بد امنی اور بے چینی کا سامنا ہے کہ ان کو alternativeذرائع ملیں گے روزگار کے تو وہ کبھی بھی بغاوت اور بے چینی کی طرف نہیں جائیں گے تو ہم fully support کرتے ہیں اس resolution کو اور میری آپ سے درخواست ہے کہ اس پر voting کرائی جائے تاکہ ہم اس کو ہاوس سے approve کر ا سکیں-

جناب پریزائیڈنگ آفیسر: جی ضمیر صاحب آپ کے پاس صرف دو منٹ ہیں-

جناب ضمیر ملک : جناب ایک چھوٹا سا مسئلہ ہے کہ کیا کوئی telephonic law

resolution بھیجنے کا حق دیتا ہے کیونکہ اورنگ زیب مری صاحب تو اس وقت ایوان میں موجود نہیں ہیں اور یہ کیسے آ گئی - کیا یہ فون پر بھیج دی گئی؟ یہ جناب مجھے clear کر دیں۔

جناب پریذائیڈنگ آفیسر: باقی movers یہاں پر موجود ہیں اور انہوں نے ہی اس کو شروع کیا تھا۔ Now I will get of House about کہ اس resolution پر voting کرائی جائے یا اس کو Standing Committee میں ریفر کیا جائے - مسٹر احمد جاوید، محسن سعید صاحب موجود ہیں ، یہ تین اراکین کی طرف سے یہ resolution آئی تھی اور دو لوگ یہاں موجود ہیں تو that is sufficient. Now I will get sense of House کہ voting کرا لی جائے یا کمیٹی کی طرف اسے ریفر کیا جائے؟

The motion was put before the House.

(The resolution was passed)

Mr. Presiding Officer: The resolution stands passed. Now I will request our guest speaker Professor Laeeque Ahmed Khan a renowned educationist and has been working with various academic institutions in both private and government sector to please come to rostrum give a big hand to him.

YOUTH 2-2 FAZAL 01-01-2009

پروفیسر لیق احمد خان (مہمان خصوصی):جناب وزیر اعظم صاحب، مسٹر سپیکر صاحب، اراکین کابینہ اور پارلیمنٹیرین آپ سب کو نئے سال کی مبارکباد- اتفاق کی بات یہ ہے کہ عیسوی اور اسلامی کیلنڈر تقریباً ساتھ ساتھ شروع ہوئے ہیں- آج اسلامی کیلنڈر کی تین محرم ہے اور عیسوی کیلنڈر کی پہلی جنوری ہے- یہ آپ کے ادارے کی ایک لمبا چوڑا ایجنڈا مجھے بھیجا تھا کہ ان موضوعات پر آپ سے بات کرنی ہے- تو میں اس ترتیب سے تو شاید نہ چل سکوں جو انہوں نے مجھے دی ہے لیکن یہ میں ضرور عرض کروں گا آپ سے کہ ہمارا جو عام تعلیم کا نظام ہے وہ تین مرحلوں پر مشتمل ہے- پہلا پرائمری سطح ہے، دوسری ثانوی تعلیم ہےجوکہ ایف اے، ایف ایس سی تک جاتی ہے اور اس کے بعد اعلیٰ تعلیم ہے جو بی اے، ایم اے، ایم ایس سی، انجینئرنگ، ایگریکلچر، تعلیم حیوانات، ڈنٹسٹری اور کامرس ہے- جہاں تک پرائمری تعلیم کا تعلق ہے- مجھے حیرت اس بات پر ہے کہ ہم آج تک 1947سے لے کر 61سال میں 5سے 9سال کے بچوں کو پرائمری کا مستحق قرار دیتے ہیں- حالانکہ 1959کی تعلیمی پالیسی میں پرائمری تعلیم 4سال سے بڑھاکر 5سال کر دی گئی تھی- لہذا، اب 5سے 9نہیں بلکہ 5سال سے 10سال کے بچوں سکول میں ہونا چاہیے- لیکن ہم آج تک ابھی پچھلے ہفتے تک جو وزارت تعلیم نے اپنے کاغذات شائع کئے ہیں ان میں 5سے 9سال کے بچوں کو پرائمری

تعلیم کے لئے مستحق قرار دیا۔ یہ 1959سے ایوب خان 1958میں آئے تو انہوں نے آکر ایک شریف کمیشن بنایا ایس ایم شریف صاحب اس زمانے میں وفاقی سیکرٹری تعلیم تھے ان کے زیر صدارت۔ اس میں یہ سوچ کر کہ پرائمری تعلیم 4سال ذرا کم ہے ایک سال اس میں اضافہ کر دیا جائے تو 5سال کا لڑکا جب پرائمری تعلیم حاصل پاس کرے گا تو شاید اس کی علمیت بہتر ہوگی۔ اس لئے پرائمری تعلیم کو 4سال کی بجائے 5سال کر دیا گیا۔ ا ایک سال میڈل سکول کا نیچے کر دیا۔ چنانچہ ہمارا میڈل سکول جو ہے وہ 3سال کا رہ گیا۔ جو ہمارے اسلامی مدارس ہیں انہوں نے ہمارا جو عام تعلیم کا نقشہ تھا اس کو استعمال کیا اور ان کی ابتدائی جو پہلا مرحلہ ان کے تعلیم کا ہے۔ جس طرح 3مراحل جس طرح ہمارے ہیں ان کے بھی ہیں۔ ان کے ہاں پہلے مکتب ہے جوکہ پرائمری تعلیم ہے۔ اس کے بعد مدرسہ ہے جوکہ ثانوی تعلیم ہے اور اس کے بعد دارالعلوم ہے جوکہ یونیورسٹی ہے اور جہاں باقی تعلیم دی جاتی ہے۔ پہلے جو 4سال ہیں اس کو ہمارے مکتب میں ابتدائیہ کہتے ہیں اور ہم اسے انگریزی سسٹم میں پرائمری تعلیم کہتے ہیں۔ وہ اپنے مدرسے کی ابتدائیہ 4سال کے بعد 4سال کا متوسطہ رکھتے ہیں۔ متوسط لفظ درمیان کا ہے۔ جس کو ہم میڈل کہتے ہیں جو پہلے 4سال پہلے تھا اب 3سال رہ گئے ہیں۔ لہذا، اب تھوڑا سا فرق ہم میں اور اسلامی مدرسوں کی تعلیم میں ایک سال کا فرق آ گیا ہے کہ ہمارا میڈل 3سال کا ہے اور اسلامی

مدرسوں کا میڈل سکول 4سال کا ہے۔ اس کے بعد ان کا ہے ثانوی عامہ جو میٹرک کے برابر ہے اور اس کے بعد اسلامی مدارس کا ہے ثانویہ خاصاجو ایف اے کے برابر ہے اور اس کے بعد دارالعلوم ہے جس کے پاس سندات ہیں بی اے اور ایم اے کے ہیں اور ان کی تعلیم 16سال کی ہے۔ اسی لئے صدر ضیاء الحق صاحب نے 16سالہ اسلامی مدرسوں کی تعلیم کو اپنے 16سالہ سیکولر تعلیمم کے برابر قرار دیا تھا ملازمت کے لئے۔ آگے آئندہ تعلیم کے لئے نہیں ہے۔ ہمارے ہاں انجینئرنگ یونیورسٹی میں انسٹی ٹیوٹ آف انجینئرز ایک ادارہ ہے، اس کا جو لوگ privately diplomaکرتے ہیں انہیں ملازمت کے لئے بی ایس سی انجینئرنگ کے برابر تصور کیا جاتا ہے لیکن وہ ایم ایس سی انجینئرنگ میں داخلہ نہیں لے سکتے۔ اعلیٰ تعلیم میں جا نہیں سکتے صرف ملازمت کی حد تک ان کا جو ڈپلومہ ہے وہ بی ایس سی کے برابر ہے۔ اسی طرح سے اسلامی مدارس کی 16سال کی تعلیم ہماری سیکولر تعلیم کی 16سال کے برابر ہے صرف ملازمت کے لئے۔ بدقستمی یہ ہے کہ پرائمری تعلیم میں 60سال کے بعد بھی صرف 66فیصد بچے پرائمری سکول میں جاتے ہیں۔ باقی 34فیصد بچے سکول کی تعلیم سے محروم رہتے ہیں اور اس 66فیصد میں سے بھی 50فیصد یعنی 33فیصد بچے جو ہیں وہ سکول میں پانچویں تعلیم مکمل نہیں کرتے۔ وہ پانچ سال سے پہلے سکول چھوڑ جاتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ 100طلبہ اور طالبات میں سے صرف 33فیصد ایسے

ہیں جو کہ سکول کے 5سال کی پرائمری تعلیم مکمل کر تے ہیں۔ باقی جو ہیں وہ ناخواندہ افراد میں شامل ہو جاتے ہیں۔ 60سال بہت عرصہ ہوتا ہے اور ہماری 60سال میں پالیسیاں 1959میں ایک آئی، پھر 1969میں آئی، پھر 1979میں ضیاء الحق صاحب کی آئی، پھر 1992میں آئی، پھر 1998میں آئی۔ تو جو حکومت آتی ہے سب سے پہلا کام یہی کرتی ہے کہ پالیسی دے دیتی ہے اور وہ بھی پالیسی دیتے ہیں۔ اس لئے کہ عوام الناس کی دلچسپی شاید تعلیم میں ہے ہی نہیں۔ تو ہر حکومت یہ سمجھتی ہے کہ تعلیم کی پالیسی پہلے دے دو اس پر کوئی بولے گا بھی نہیں اور کام بھی چل جائے گا۔ ایک تبدیلی آ جائے گی۔ چنانچہ ہم سب سے پہلے ایوب خان کی پالیسی جو 1959میں آتی ہے لیکن اس سے پہلے ایک شخصیت تھی قائد اعظم محمد علی جناح کی جنہوں نے 1946میں ایک تعلیمی کمیشن بنایا تھا اور اس کو یہ کام سونپا تھا کہ وہ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں ملاقات کریں گے اور ایک نئے نوزائیدہ اسلامی ملک کے نظام تعلیم کو ترتیب دیں گے۔ بدقسمتی سے وہ کمیشن نہیں مل سکا اس لئے کہ علی گڑھ میں ہندؤوں مسلم فسادات شروع ہوگئے۔ 14اگست 1947کو پاکستان معرض وجود میں آیا اور قائد اعظم نے کسی محفل میں اس کمیشن کا ذکر کیا جو انہوں نے بنایا تھا۔ اس زمانے میں فضل الرحمان صاحب مشرقی پاکستان کے وزیر تعلیم تھے انہوں نے قائد اعظم کی یہ بات سنی اور 2دسمبر کو انہوں نے پہلی آل پاکستان ایجوکیشن کانفرنس کراچی

میں منعقد کی۔ جس میں تقریباً 103ماہرین تعلیم مشرقی پاکستان سے اور مغربی پاکستان سے اس میں شامل ہوئے۔ بدقسمتی یہ رہی کہ ہمارے مشرقی پاکستان کے بھائیوں نے اور ہمارے سندھ کے بھائیوں نے یہ اعتراض کیا اور ان کا اعتراض شاید جائز بھی تھا کہ ہم تو اپنی عدالتوں میں اور اپنے سکولوں میں اپنی علاقائی زبان استعمال کرتے ہیں۔ تو ہم خواندگی کے لئے اردو کو کیسے استعمال کرسکتے ہیں۔ اس لئے کہ ہمارے لئے بھی اردو ایسی ہے جسے کوئی اور زبان انگریزی یا چینی یا جاپانی ہے۔ تو انہوں نے کہا کہ جناب یہ ہم ماننے کے لئے تیار نہیں ہیں کہ آپ قومی سطح کے اوپر خواندگی کے لئے کوئی ایک نصاب بنائیں۔ چنانچہ اس پہلی تعلیمی کانفرنس میں فیصلہ یہ ہوا کہ صوبائی حکومتیں خواندگی کو فروغ دیں گے۔ چنانچہ پنجاب نے لالا موسیٰ کے اندر ایک اکیڈمی بنائی اور لوکل گورنمنٹ جو مقامی حکومتوں کا ادارہ تھا اس کے زیر اہتمام خواندگی کا شعبہ دے دیا۔ یعنی تعلیم سے اس کا تعلق نہیں رکھا۔ اسی طرح بلوچستان میں سوشل ویلفیئر کے محکمے کے تحت خواندگی کو دے دیا گیا۔ سندھ حیدر آباد میں نصاب بنانے کا ادارہ تھا اس کو اس کا مہتمم بنایا گیا۔ چنانچہ خواندگی کبھی بھی محکمہ جات تعلیم کا حصہ نہیں رہی۔ ایک تو یہ بات ہے۔ دوسرا یہ ہے کہ جب ہم نے پاکستان میں پہلی مرتبہ مردم شماری 1951میں ہوئی کیونکہ ہر دس سال کے بعد مردم شماری دنیا بھر میں ہوتی ہے اور دس سال

اور اس سے اوپر کے لوگوں کی مردم شماری ہوتی ہے۔ چنانچہ پاکستان کا جو census law مردم شماری کا قانون ہے وہ دسمبر 1949 میں پاس ہوا۔ اس وقت کے گورنر جنرل نے جنوری میں اس کی منظوری بھی دے دیں، لیکن جب ہم نے دیکھا پورے پاکستان میں تو ہمیں کوئی افسر ایسا نظر نہیں آیا جس کو مردم شماری کا تجربہ ہو۔ چنانچہ جنوری 1950 میں فیصلہ کیا گیا کہ یہ عہدہ جو ہے census commissioner کا اس کو بین الاقوامی سطح کے اوپر advertise کر دیا جائے۔ چنانچہ ہم نے اس کا اشتہار دے دیا اور ایک Mr. Slade جو اس وقت جرمنی میں تھے ان کو ہم نے پاکستان کا پہلا census commissioner بنایا۔ اب یہ تو میں کہہ نہیں سکتا کہ انہیں اس کا علم تھا یا نہیں تھا۔ الحمدللہ ہم ایک مسلمان ملک ہیں اور ہمارے ہاں 5,6 سال کا بچہ جو ہے اس کو ہم قرآن کی تعلیم ضرور دلواتے ہیں۔ چنانچہ قرآن کریم تو ہمارے بچے پڑھ سکتے ہیں۔ 5,6,7,8 کا بچہ قرآن حکیم پڑھ لیتا ہے۔ کیونکہ ہم مسجد میں پڑھواتے ہیں۔ ٹیوٹر رکھ کر پڑھواتے ہیں۔ Slade Sahib نے جو خواندگی کی تعریف کی وہ یہ تھی کہ وہ شخص خواندہ کہلائے گا جو کسی زبان میں ایک عبارت پڑھ سکتا ہو اور ایک آسان خط لکھ سکتا ہو۔ اب ظاہر ہے کہ وہ لوگ جو نماز پڑھتے ہیں مسجد میں پڑھتے ہیں۔ انہیں تو زبانی کچھ سورتیں یاد ہیں۔ الحمد تو کم از کم سبھی کو یاد ہے۔ تو اس کے تحت جب انہوں نے مردم شماری کی تو 1951 میں ہماری شرح خواندگی 16.4 تھی۔ 10 سال گزر گئے

اور 1961میں دوبارہ مردم شماری ہوئی اور اس وقت کسی صاحب کے ذہن میں یہ آیا کہ صاحب پڑھنا تو کافی نہیں ہے- سمجھ کر پڑھنا کافی ہے- لہذا، انہوں نے لکھا کہ خواندہ وہ شخص ہوگا جو کوئی عبارت سمجھ کر پڑھ سکتا ہو اور ایک آسان خط لکھ سکتا ہو-

(اس موقع پر میڈم ڈپٹی سپیکر (محترمہ کشمالہ خان درانی) کرسی صدارت پر متمکن ہوئی)

پروفیسر لیق احمد خان (مہمان خصوصی):چنانچہ شرح خواندگی 16.4سے گر کر 16.3رہ گئی ہے- دس سال کے بعد- تیسری مرتبہ مردم شماری 1972میں ہوئی- 1971میں ہونی چاہیے تھے لیکن بدقسمتی سے مشرقی پاکستان ہم سے علیحدہ ہوا تو اس لئے تیسری مردم شماری 1972میں ہوئی اور اس میں شرح خواندگی 21.7آئی- چوتھی مردم شماری 1981میں ہوئی اور شرح خواندگی 23.2آئی- وزارت تعلیم نے یہ خط لکھا Commissionerمردم شماری کو کہ جناب جو طلباء اور طالبات دوسری زبان چھوڑ کر جاتے ہیں سکول سے وہ تو واپس ناخواندہ ہو جاتے ہیں، لیکن جو تیسری زبان مکمل کر کے جاتے ہیں وہ ناخواندہ نہیں ہوتے- آپ نے ان تمام لوگوں کو جو سکول چھوڑ گئے ناخواندہ میں شمار کیا ہے- لہذا، آپ اپنی اس شرح خواندگی پر نظرثانی کریں- چنانچہ 1981میں جو سرکاری figuresشرح خواندگی کی آئی وہ 26.2تھی- اس کے بعد 17سال تک پاکستان

میں مردم شماری نہیں ہوئی۔ کیوں نہیں ہوئی؟ آپ کا یہ حق ہے as parliamentariansکہ آپ جانیں کہ کیوں نہیں ہوئی؟ اس کی وجہ یہ ہوئی ہے کہ جو ہمارا central consolidated fundہے آئین کے تحت یعنی جو ہمیں taxesوصول ہوتے ہیں۔ جو ہم اپنی بندرگاہوں سے ٹیکس لیتے ہیں یا اور جو ہمارے ٹیکس وصول ہوتے ہیں، سب ملا کر جو پیسہ صوبوں کو جاتا ہے وہ آبادی کے لحاظ سے جاتا ہے۔ چنانچہ 1981سے 1998تک مردم شماری اس لئے نہیں ہوئی کہ اگر کسی صوبے کی آبادی زیادہ ہو جائے گی تو کیا ہوگا۔ پھر اس کو زیادہ پیسے دینے پڑیں گے۔ ظاہر ہے کہ پنجاب آبادی کے لحاظ سے سب سے بڑا صوبہ ہے۔ تو باقی صوبے محروم رہ جائیں گے، لیکن اچھی بات یہ ہوئی کہ جنرل ضیاء الحق صاحب نے فیصلہ یہ کیا کہ صوبوں کو جو مالیاتی مدد دی جائے گی وہ 1981کے اعداد و شمار پر دی جائے گی۔ لہذا، 1998میں مردم شماری ہوئی اور اس میں شرح خواندگی 45فیصد آئی۔ اب اگر آپ میں سے بعض خواتین و حضرات نے شرح خواندگی لکھی ھے تو آپ یہ دیکھیں گے کہ 1972اور 1961کے درمیان 11سال فرق ہے اور اس کے اندر جو ہماری سالانہ شرح خواندگی بڑھنے کی شرح ہے وہ 5. کے قریب آتی ہے - 1951اور 1961میں یہ آتی ہے اور 1961اور 1972کے درمیان ہماری شرح خواندگی 49.کے قریب آتی ہے۔ گویا کبھی بھی وہ 5.سے اوپر نہیں ہوئی ہے، لیکن 1981 اور 1998 کے درمیان پہلی بات یہ ہوئی کہ ضیاء الحق صاحب نے کہا کہ ہم اسلامی صدی ہجری

منائیں گے۔ چنانچہ سو سال ہو گئے تھے نئی صدی شروع ہونے والی تھی۔ تو انہوں نے کہا کہ اسلام میں کیونکہ تعلیم پر بہت زور دیا گیا ہے اس لئے ایک کمیشن بنایا جائے جسے خواندگی کمیشن اور تعلیم عامہ کا کمیشن قائم کیا جائے، چنانچہ وہ 1981میں قائم ہوگیا۔ 1982میں مرحوم ڈاکٹر محبوب الحق صاحب نے (اللہ انہی جنت نصیب کرے) انہوں نے اپنا special priority development programmeمخصوص ترجیحی ترقیاتی پروگرام شروع کیا، جس کے تین جزو ہیں۔ ایک immunizationتھا، ایک ٹریننگ تھی اور ایک مسجد سکول تھا۔ جیساکہ میں نے عرض کیا کہ الحمدللہ ہم مسلمان ملک ہیں۔ ہمارے چھوٹے چھوٹے گاؤں میں بھی مسجد ہیں اور مسجد ہمیشہ سے ایک تعلیم کا ذریعہ بھی رہی ہے۔ لہذا، محبوب الحق صاحب نے 10ہزار مسجد سکول کھولنے کو عندیہ دیا وزارت تعلیم کو۔ ہم نے اس پر عمل کیااور ہم نے مسجد سکول کھول دیئے۔ ایک سال میں 10ہزار سکول کھول دیئے۔ جب 10ہزار سکول کھولے تو محبوب الحق صاحب کو بہت حوصلہ ملا اور انہوں نے اگلے 5سالہ منصوبے میں 45ہزار مسجد سکولوں کے قیام کافیصلہ کیا۔ چنانچہ اگلہ 5سالہ منصوبے ہے اس میں 45ہزار مسجد سکول کھولے گئے۔ اس طرح ہم نے کوشش کی کہ ہم خواندگی کو بڑھائیں۔ تو ایک طرف کمیشن بن گیا اور ایک طرف special priority development programme آ گیا اور اس کے ساتھ ہی سوشل ایکشن پروگرام شروع ہو گیا۔ تو کئی چیزیں بیک وقت آ گئیں جس

کی وجہ سے 1998میں ہماری شرح خواندگی 45فیصد ہو گئی گویا 1981اور 1998کے درمیان 1.1فیصد کے حساب سے سالانہ شرح خواندگی بڑھتی رہی۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ وزارتعلیم نے اس کے بعد جتنی بھی projectionکی ہیں وہ صرف 1.1کی بنیاد پر کی ہے۔ یعنی اگر دو سال ہو گئے تو 2.2بڑھ گئی ہے شرح خواندگی۔ یہ صرف کاغذوں پر ہے۔ کسی نے اس کا سروے نہیں کیا۔ کیونکہ مردم شماری اس کے بعد ہوئی نہیں ہے۔ مردم شماری تو اب اپریل میں انشاء اللہ ہوگی۔ امید تو ہے۔ اکتوبر میں ہونی تھی لیکن اب اپریل میں ہوگی۔ تو ابھی تک کوئی comparisonجو ہے شرح خواندگی کا 1947سے اب تک ہو نہیں سکتا۔ اس لئے ہم یہ کہہ نہیں سکتے کہ پاکستان میں شرح خواندگی ہے کیا؟ آپ economic surveyدیکھئے۔ Economic surveyمجھے بڑے افسوس سے کہنا پڑ رہا ہے کہ اس میں کوئی بھی جو اعداد و شمار ہیں وہ صحیح نہیں ہوتے۔ اگر آپ کوئی بھی economic surveyاٹھا لیں تو آپ کو کہیں بھی اس میں synchronizationنہیں ملے گی۔ دوسرا مسئلہ ہمارے ہاں proceduresکا ہے۔ جب وزارت تعلیم میں ایک پالیسی آتی ہے تو اس پالیسی میں بہت سی نئی چیزیں ہوتی ہیں۔ ہم اس کے اوپر بہت سے projectsبناتے ہیں۔ جب Planning Commission میں project لے کر جاتے ہیں کیونکہ ایک DWPہے، ایک CWPہے اور ایک ECNECہے اور ان سب کو مختلف tiersدیئے گئے کہ اتنے حد تک جو منصوبہ ہے وہ آپ approveکریں گے، اس سے زیادہ مالیت کا ہوگا تو وہ

approveکرے گا۔ چنانچہ جب ہم Planning Commission میں لے کر جاتے ہیں تو کمیشن ہم سے پوچھتا ہے کہ یہ پلان میں ہے؟ ہم کہتے ہیں کہ یہ پلان میں تو نہیں ہے۔ کیونکہ 1969 کی پالیسی اگر آئی ہے تو پلان تو 1970میں بنا ہے۔ تو یہ کیسے آ سکتی ہے اس کے اندرتو نہیں آ سکتی۔ لہذا، وہ کہتے ہیں کہ اچھا جی اگر پلان میں نہ ہیں تو آپ باہر تشریف لے جائیں۔ دوسری منسٹری کوبھیج دیں ہم ان کے projectsکو approveکریں گے۔ تو اس لئے تعلیمی پالیسی کے بہت سے پروگرام جو ہیں ان پر عمل نہیں ہو سکا۔ صرف 1959کی پالیسی پر جو سفارشات ہیں ان پر عمل ہوا۔ کیوں؟ اس لئے کہ 1960سے 1965تک کا دوسرا 5سالہ منصوبہ اس وقت بن رہا تھا جبکہ یہ سفارشات شریف کمیشن نے پیش کئے۔ 1959میں سفارشات آئی اور 1959کے اندر دوسرا 5سالہ منصوبہ بن رہا تھا۔ جب مشرقی پاکستان علیحدہ ہوا اور بھٹو صاحب پہلے بطور صدر اور پھر وزیر اعظم کے تشریف لائیے تو انہوں نے 5سالہ منصوبے بند کر دیئے۔ انہوں نے کہا کہ ہم ہر سال ایک پلان بنائیں گے اور اس میں جو سفارشات ہوں گی اس پر عمل کریں گے۔ چنانچہ 1972کی جو پالیسی ہے، جوکہ عبدالحفیظ پیرزادہ صاحب نے پیش کی تھی اس کی سفارشات کیونکہ Annual development programmeتھا اس لئے ہر سال اس کے اندر شامل ہوتی گئی اور اس پر عمل ہوا۔ لہذا، 8میں سے صرف دو پالیسیاں آپ کو ملیں گےایک 1959اور ایک 1972کی پالیسی جن کی

سفارشات پر عمل ہوا۔ میں آپ کے ساتھ shareکر سکتا ہوں کیونکہ آپ future parliamentariansبھی ہیں اور presentlyبھی آپ parliamentariansہیں، ہم نے ایک خط لکھا تمام صوبائی سیکرٹری تعلیم کو کہ آپ ان اساتذہ کے نام ہمیں بھیج دیں جن کا کم از کم 5سالہ تجربہ ہے پرائمری سکول پڑھانے کا جو میٹرک پاس ہیں اور جنہوں نے پی ٹی سی کیا ہوا ہے۔ بدقسمتی سے تین صوبوں نے ہمیں نام بھیج دیئے اور چوتھے نے ہمیں جواب ہی نہیں دیا۔ میں نے انہیں فون کیا کہ جناب دو ہفتے گزر گئے کیا ہوا ہے؟ تو انہوں نے کہا کہ جناب وزیر تعلیم نے وہ فائل منگوا لی ہے اور انہوں نے یہ فرمایا ہے کہ اس صوبے کے جو ممبران اسمبلی ہیں وہ جس اقدام کی سفارش کریں اس کو شامل کیا جائے۔ ہم نے کہا کہ چلیں ٹھیک ہے۔ اب کیا کیا جائے وزیر تعلیم نے حکم دیا۔ چنانچہ سیکرٹری صاحب نے تمام MPAsحضرات تھے ان کو خطوط لکھے کہ صاحب آپ سفارش کریں کہ کس استاد کو آپ لگوانا چاہتے ہیں کیونکہ گریڈ 5سے 7میں لانا چاہتے ہیں۔ پھر یہ ہے کہ اس کا جواب ہی نہیں آیا۔ دو تین ہفتے گزر گئے، اس سے پوچھا کہ بھئی اب کیا آفت آ گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ فائل اب چیف منسٹر نے منگوالی ہے اور انہوں نے حکم دیا ہے کہ نہ صرف ممبر صوبائی اسمبلی بلکہ قومی اسمبلی اور سینیٹ میں اس صوبے کے جو ممبران ہیں ان سے بھی پوچھا جائے کہ وہ کس کی سفارش کرتے ہیں۔ اس سارے مسئلے میں اتنی دیر ہو گئی کہ باقی تین صوبوں

کی جو فہرستیں تھیں وہ پڑی رہیں ہمارے پاس اور ان پر عمل نہیں ہو سکتا۔ ایک تو یہ مجبوری تھی۔

عالمی بینک نے جو پہلا ایجوکیشن پراجیکٹ دیا وہ ایگریکلچر کالج فیصل آباد کو یونیورسٹی میں تبدیل کرنے کا تھا۔ جو دوسرا عالمی بینک نے ہمیں پیسے دیے وہ 1967میں انجینئرنگ یونیورسٹی لاہور اور NEDکالج کو یونیورسٹی بنانے کے لئے تھے۔ تیسرا منصوبہ جو عالمی بینک نے ہمیں پیسے دیئے وہ ایگریکلچر یونیورسٹی ٹنڈوجام کو اپ گریڈ کرنے کا تھا۔ گویا آپ دیکھیں گے کہ عالمی بینک نے جو پیسے ہمیں دیئے وہ صرف اعلیٰ تعلیم کے لئے دیئے۔ لیکن 1979میں پہلی مرتبہ عالمی بینک نے پرائمری تعلیم کے لئے ہمیں پیسے دیئے اور وہ تھے 10 ملین ڈالرز۔ اور وہ تجرباتی پروگرام تھا۔ انہوں نے کہا کہ آپ سکولوں میں کلاس روم بہتر بنائیں اور آپ اساتذہ کی ٹریننگ کا بندوبست بہتر کریں۔ آپ supervision بہتر کریں کیونکہ ہمارا پرائمری سکول سارے ملک میں صرف 180 دن کھلتا ہے۔ باقی دنوں میں بند رہتا ہے۔ گرمی کی چھٹیاں ہیں اور کبھی سردیوں کی چھٹیاں ہیں۔ gazetted holydays ہیں اور اتوار آ جاتے ہیں۔ تو وہ سب ملا کر صرف 180 دن رہ جاتے ہیں۔ لیکن ایک جو EDO ہے پنجاب کا اسے 250 سکول دیئے گئے ہیں supervise کرنے کے لئے اگر وہ روزانہ بھی ایک سکول کرے گا تو سال بھر میں 180 سکول کر سکتا ہے۔ 250 تو کر ہی نہیں سکتا۔ تو جہاں تک supervision نہیں ہوگی تو پھر اساتذہ بھی کام

صحیح نہیں کرتے۔ جہاں تک کہ ہمارا standard of education ہے۔مجھے یہ کہتے ہوئے خوشی ہوتی ہے کہ ہمارے جتنے بھی طلباء اسی نظام سے نکلتے ہیں جس کی میں مشکلات گنواتا رہا ہوں آپ کو اور اس کے نقائص گنواتا رہا ہوں اسی نظام سے جو طلباء نکلتے ہیں وہ بیرون ملک جاکر دنیا کے تمام لوگوں کے ساتھ مقابلہ کرتے ہیں اور کامیاب ہوکر واپس آتے ہیں۔ کیونکہ ہمارے ہاں جتنے طلباء گئے ہیں PhD اور M Phil کرکے آئے ہیں اور دنیا کے تمام طلباء و طالبات کے مقابلے میں کرکے آئے ہیں اور اسی نظام کی پیداوار ہیں۔ لیکن میں س میں سجھتا ہوں ایک تو انفرادی کوشش ہے ان طلباء و طالبات کی ہے اور دوسری خوش قسمتی ان کی یہ ہے کہ انہیں بعض اچھے اساتذہ مل گئے جنہوں نے ان کی تربیت اچھی کی۔ جنہوں نے ان کو اچھی تعلیم دی ہےاور وہ بہت ہی اچھی یونیورسٹیاں ہیں MIT, CIT, Preston, Stanford, Cambridge and Oxford ہے۔ ان یونیورسٹیوں سے لوگ پڑھ کر آئے ہیں اور کامیاب ہوکر آئے ہیں۔ اور اسی نظام کے نکلے ہوئے ہیں۔ قدیر خان بھی اسی نظام سے نکلا ہے۔ ڈاکٹر عبدالسلام بھی اسی نظام سے نکلا ہے۔ ایم اے تک یہی پڑھتے رہے، باہر نہیں پڑھے ہیں لیکن نوبل پرائز ان کو ملا ہے۔ جہاں تک پرائیویٹ سیکٹر کا تعلق ہے۔ نجی شعبہ ہمارے ہاں دو طرح involved ہے۔ ایک پیسے کمانے کے لئے اور ایک عوام الناس کی بہبود کے لئے۔ آپ تمام Parliamentarians ہیں اور آپ پاکستان کے مختلف

شہروں سے تشریف لائے ہیں۔ سب سے مشہور کالج ملتان کا ہے۔ ایمارشن کالج ملتان ہے۔ سب سے مشہور کالج سیالکوٹ کا مرے کالج سیالکوٹ ہے۔ سب سے بہترین کالج راولپنڈی کا گارڈن راولپنڈی ہے۔ لاہور میں ایف سی کالج ہے، دیال سنگھ کالج ہے، ایم اے او کالج ہے اور اسلامیہ کالج ہے۔ یہ سب پرائیویٹ سیکٹر کے ہیں۔ ایک گورنمنٹ کالج لاہور کا ہے۔ باقی تو سارے پرائیویٹ سیکٹر کے ہیں۔ آپ کسی بھی صوبے میں چلے جائیں۔ پرائیویٹ اسلامیہ کالج کراچی ہے۔ بہت اچھا ہے۔ NED یونیورسٹی بن گئی۔ داؤد صاحب نےجو انجینئرنگ یونیورسٹی کراچی میں بنائی ہے۔ پہلے داؤد کالج آف انجینئرنگ کہلاتا تھا اب یونیورسٹی بن گئی ہے۔ تو میں یہ عرض کرتا ہوں کہ پرائیویٹ سیکٹر نے دو طرح سے کام کیا ہے۔ ایک پیسے کمانے کے لئے اور ایک بہبود کے لئے۔ جن لوگوں نے بہبود عامہ کے لئے کام کیا وہ کامیاب رہے۔ انجمن حمایت اسلام نے جو خدمات تعلیم کے میدان میں دی ہیں وہ شاید رہتی دنیا تک قائم رہیں گے اور سنہرے حروف میں لکھے جائیں گے۔

میں ہائیر ایجوکیشن کا بھی چھوٹا سا ذکر کر دوں۔ پاکستان میں ہم 9 یونیورسٹیاں بنا رہے ہیں اور مجھے بڑی خوشی ہوئی ہے کہ وہ 9 یونیورسٹیاں نہیں بن رہی ہیں۔ میں10 سال تک ایشن انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی بنکاک کے بورڈ آف ٹرسٹیز کا ممبر رہا ہوں۔ AIT بنکاک پاکستان کی انجینئرنگ یونیورسٹی سے بہترین طلباء کو منتخب کرتا ہے لیکن ہرسال اس انسٹی ٹیوٹ کے

President نے مجھ سے صرف ایک شکایت کی کہ آپ کے لڑکوں کو نہ انگریزی آتی ہے اور نہ mathematic آتا ہے۔ ہم آج تک انگریزی پڑھنے Dived copper feed, Gentleman of France, Water Scott کا ناول ہمارے FA میں لگا ہوا ہے۔ میں نے پڑھا ہے۔ میں Dived کی language میں نوٹ لکھوں تو میرا منسٹر اگلے دن مجھے نوکری سے برخاست کر دے گا۔ میں Water Scott کے انگریزی میں نوٹ لکھوں تو میرا سیکرٹری مجھے لات مار کے باہر نکال دے گا۔ ارے بھائی میں کسی اور مقصد کے لئے انگریزی پڑھ رہا ہوں۔ آپ مجھے کسی اور مقصد کی پڑھا رہے ہیں۔ انگریز کے زمانے میں ناول اس لئے لکھتے تھے کہ ہم ان کی ثقافت سے روشناس ہو جائیں۔ اب ہمیں ان کی ثقافت نہیں چاہیے۔ ہمیں وہ ٹیکنیکل انگریزی چاہیے ہمارے انجینئرز کے لئے۔ ہمیں وہ انگریزی چاہیے جو لوگ صحافت میں جانا چاہتے ہیں اور جو میڈیا میں جانا چاہتےہیں۔ ہمیں ہائر لیول پر آکر انگریزی کی تقسیم کرنی پڑی۔ ہمیں ہر شخص کے ضروریات یا ایک کلاس، ایک کالج یا ایک انسٹی ٹیویشن کے مطابق انگریزی کی تعلیم دینا ہوگا۔

آپ کوئی سوال وغیرہ کرنا چاہیں تو کریں۔

جناب نیاز محمد: پروفیسر صاحب! میرا تعلق زیارت بلوچستان سے تعلق ہے۔ ہماری بدقسمتی یہ رہی ہے کہ ہمیشہ سے فراہیوں کے چھوڑے گئے سسٹم کو چلا رہے ہیں اور کوانس کے چال چلا اپنی بھی بھول گیا کہ مصداق، اپنی

روایات، ثقافت اور اقدار سے بھیگانہ ہوتے جا رہے ہیں۔ اسی قسم کے سسٹم میں سے ایک لارڈ میکالے کا نظام تعلیم ہے جو اب تک ہمارے ہاں نافذ چلا آ رہا ہے۔ آپ سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا ہم لارڈ میکالے کے نظام تعلیم کو ترک کرکے اپنا کوئی سسٹم وضع نہیں کر سکتے جو ہماری روایات، اقدار اور مذہب سے ہم آہنگ ہو۔

Thank you.

پروفیسر لیق احمد خان (مہمان خصوصی):

کر سکتے ہیں اور ہمارے مدارس میں یہ نظام رائج ہے۔ لیکن اگر آپ نے دنیا سے مقابلہ کرنا ہے، اگر آپ نے ان ممالک کے ساتھ بیٹھنا ہے جو ترقی یافتہ ہیں تو آپ کو بدقستمی سے لارڈ میکالے کا نظام follow کرنا پڑے گا۔

جناب ضمیر احمد ملک (وزیر تعلیم):

جناب! یہ جتنے بھی کمیشن بنائے گئے شریف خان سے لے کر متعدد کمیشن۔ میں یہ پوچھنا چاہوں گا کہ آپ کیا سمجھتے ہیں جب میں گاؤں میں پڑھتا تھاتو میں جس سکول میں جاتا تھا تو وہاں بڑا بڑا لکھاہوتا تھا۔ وہ ایک مڈل سکول تھا Unity, Path and Discipline اور اوپر قائد اعظم محمد علی جناح کا نام نقش تھا۔ آپ ہمیں بتائیں کہ کیا ان کمیشنز جتنے بھی بنے خاص طور پر شریف خان کمیشن اور ذوالفقار علی بھٹو کے دور میں جو کمیشن بنا اس میں قائد اعظم محمد علی جناح کے جو تعلیم کے بارے میں نظریات تھے ان کو کیا جگہ مل سکی اور آپ کیا سمجھتے ہیں کہ وہ

کیا نظریات کیا ہیں جو ہم lack کرتے ہیں اور جو ہمارے پاس ہونے چاہیے۔ شکریہ۔

پروفیسر لیق احمد خان (مہمان خصوصی):

قائد اعظم کی زندگی میں میرے بھائی 1947 میں آل پاکستان ایک ایجوکیشن کانفرنس ہوئی تھی اور اس کانفرنس میں بھی ان کے خیالات بہت پیچھے رہ گئے تھے۔ باقی چیزیں جو تھیں وہ دیکھنے تھیں کیونکہ ہم جب ایک نظر ڈالتے ہیں تو ٹھیک ہے۔ لوگ یہاں قرآن کریم کے اصول بھول گئے ہیں۔ لوگ یہاں پر رسول پاک کے جو احکامات ہیں وہ بھول گئے ہیں۔ تو قائد اعظم بیچارے کی کیا حیثیت تھی اس کے مقابلے کے اندر۔ آپ نے سکولوں میں Unity, Faith, Discipline دیکھا ہے وہ اب ہٹ کر دوسری تصویریں لگنی شروع ہو گئی ہیں اور اس کے بعد کوئی اور تصویریں لگنی شروع ہو جائیں گی۔ یہ وقت کے ساتھ ساتھ ہر چیز بدلتی رہتی ہے۔

قائد اعظم نے جو ایک نوزائیدہ مملکت کے لئے ایک ایجنڈا تعلیم کا بنایا تھا اس کے اندر ماڈرن ایجوکیشن plus value system Islamic جو ہمارا مشرقی روایات ہیں وہ اس کے ساتھ integrate کرنی تھی جو ہم نہیں کر سکے۔ 60سال میں ہم نہیں کر سکے۔

جناب محسن سعید: شکریہ میڈم سپیکر! سر! میرا آپ سے سوال ہے کہ تعلیم جو ہے وہ انسانی رویوں اور اخلاقیات کے پنپنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے اور انسانی شعور کے معیار کو بلند کرتی ہے لیکن ہم اجتماعی طور پر دیکھتے

ہیں اور انفرادی طور پر کہ ہم ان چیزوں سے خالی ہیں۔ مثال کے طور پر اگر ہم کرپشن کو لیں تو یہ جو ہمارے ملک کا انتہائی پڑھا لکھا طبقہ ہے،زیادہ تر وہی ملوث ہوتا ہے۔ تو میں آپ سے پوچھنا چاہوں گا کہ مسئلہ کہاں پر ہے، نظام تعلیم میں ہے، ماحول میں ہے یا کسی اور جگہ پر ہے۔

پروفیسر لیق احمد خان (مہمان خصوصی):

ماحول میں ہے۔ اس لئے کہ تربیت کا ایک بہت بڑا پہلو ہوتا تھا۔ ہمارے ہاں بدقسمتی سے جو joint family system ہے اور nuclear family system ہے اس نے بھی کافی حد تک ہمارا جو تربیت کا پہلو ہے اس پر وہ اثر انداز ہوا ہے۔ یعنی ہم لوگ جو اپنے بچپن کی طرف دیکھتے ہیں۔ جب ہم بچے تھے تو ہماری دادی تھی، دادا تھے، نانا تھے اور نانی تھی۔ یہ لوگ ادھر بھی تھے۔ جوہماری تربیت کے اندر ایک بڑا اہم کردار ادا رکرتے تھے۔ آج ہم لوگ nuclear family میں ہیں جہاں پر باپ اپنے بیٹے سے کہتا ہے کہ بیٹا کہہ دینا کہ میں گھر پر نہیں ہوں۔ تو جب تربیت کا پہلو ہم نے ایک طرف چھوڑ دیا ہے۔ میں ایک مثال ہمیشہ ہر ایک کو دیتا ہوں۔ اندرون شہر لاہور میں نیچے سڑک کے کنارے شام کو ایک بزرگ بیٹھتے ہیں اور اس کے پاس ایک حقہ ہوتا ہے اور وہ گھومتا رہتا ہےاور لوگ بیٹھے ہوتے ہیں۔ میں بہت چھوٹا تھا اور سکول میں پڑھتا تھا۔ تو ایک پھل فروش سڑک سے گزر رہے تھے۔ بزرگ اور داڑھی والے تھے۔ سفید داڑھی تھی اس کی، میری ان سے بحث ہوگئی

اور میں نے کوئی گستاخی کر دی تو ایک بزرگ نے مجھے آواز دی کہ ادھر آؤ۔ میں اس کے پاس گیاتو انہوں نے ایک تھپڑ میرے منہ پر مارا اور کہا کہ تمہیں شرم نہیں آتی، تمہارے دادا کے عمر کا یہ شخص ہے اور تم اس سے بدتمیزی کرتے ہو۔ میں نے وہ تھپڑ کھانے کے بعد اس بزرگ کی یہ خوشامد کی تھی کہ ابا جی سے نہ کہیے گا، کیونکہ مجھے ان سے اور مار کا خطرہ تھا۔ آج آپ کسی کے بچے کو ہاتھ لگا کر تو دکھائیے۔ اس کا باپ بندوق لے کر آ جائے گا آپ کو مارنے کے لئے کہ آپ کی جرات کیسے ہوئی کہ آپ نے میرے بچے کو مارا ہے۔ تو یہ جو محلے کا کردار تھا، جو ایک ماں باپ کا کردار تھا، جو دادا اور دادی کا کردار تھا، جو پورے خاندان کا کردار تھا۔ جس میں ایک بچے کی تربیت ہوتی تھی وہ ختم ہو گیا ہے۔ استاد کہتا ہے کہ بھائی نہ یہ محلے داروں سے ٹھیک ہوا ہے اور نہ ماں باپ سے یہ ٹھیک ہوا ہے تو میں اسے کیسے ٹھیک کروں گاتو لہذا وہ بھی ہاتھ اٹھا لیتا ہے تربیت سے۔ تو تعلیم اور تربیت کو آپ علیحدہ رکھیں اور ان دونوں کو مدغم نہ کریں۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: جی احمد نور صاحب۔

جناب احمد نور: جناب! آپ نے بات کی ہے کہ ہم نے اگر دنیا کے ساتھ مقابلہ کرنا ہے تو مقابلے کے سسٹم کو adopt کرنا ہے۔ تو میرا سوال یہ ہے کہ GDP کا 2.4% ہم سالانہ تعلیم پرخرچ کر رہے ہیں۔ ہمارے ڈیفنس پر بہت زیادہ خرچہ ہو

رہا ہے جو ہم سب کو پتا ہے۔ ہمارا یہ بھی fact ہے کہ ہم conventional war میں انڈیا کے ساتھ compete نہیں کر سکتے۔ اس کے لئے ہم نے nuclear assets حاصل کئے ہیں۔ ابھی تو اس کی ضرورت نہیں ہے کہ ہم اپنے بجٹ کو اس طرح اس پر خرچ کریں۔ ایجوکیشن سیکٹر کو ترقی دینے کے لئے ہم اس بجٹ کو تعلیم پر لگائیں تاکہ دنیا کے ساتھ ہم مقابلہ کریں اور انڈیا کی جو GDP ہے اگر یہ facts and figures ٹھیک ہوں تو وہ GDP 3.8% کا share وہ ایجوکیشن سیکٹر پر خرچ کر رہا ہے۔کونسا problem ہے اور کونسی رکاوٹ ہے کہ ہم بجٹ کو ڈیفنس سے تھوڑا کم کر کے ایجوکیشن سیکٹر پر لگائیں۔

پروفیسر لیق احمد خان (مہمان خصوصی):

میرے بھائی اس سے کوئی فرق نہیں پڑے گا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ پیسے کی کمی کی شکایت ہمیں کبھی بھی نہیں رہی۔ اصل میں جیساکہ میں نے عرض کیا کہ ہمارے procedures غلط ہیں۔ ہر وزارت کے اندر ایک Financial Advisor اور ایک Deputy Financial Advisor بٹھادیا گیا ہے جو کہ وزارت خزانہ نے بٹھائیں ہیں۔ ہمیں ایک بجٹ مل جاتا ہے کہ سال بھر آپ نے اس سیکٹر کے اوپر اتنے پیسے خرچ کرنے ہیں۔ جب ہم DFA کو لکھتے ہیں کیونکہ کوئی فائل بغیر DFA اور FA کے treasury کو نہیں جا سکتی ہے۔ لہذا، جب ہم DFA کو لکھتے ہیں تو وہ کہتا ہے کہ آپ اس کی تفصیل مجھے دیں۔ ایک کواٹر میں releases ہوتے ہیں quarterlyتین مہینوں کے لئے آپ کو پیسے ملتے

ہیں- پھر اگلے تین مہینے، پھر اگلے تین مہینے، پھر ہر مہینے ملتے ہیں- لہذا، جب آپ تین مہینے کا ایک پروگرام بناکر بھیجتے ہیں تو DFA اور FAاس پر کوئی نہ کوئی اعتراض لگا کر آپ کو واپس کر دیتا ہے- جب آپ دوسرے سہ ماہی کے لئے لکھتے ہیں تو وہ کہتےہیں کہ پہلے سہ ماہی میں آپ نے ٹارگٹ حاصل نہیں کئے لہذا، آپ کو دوسری سہ ماہی کا جو allocationہے وہ بھی نہیں ملے گی- پیسے بجٹ میں موجود ہیں- آپ دیکھیئے کہ ایشین ڈویلپمنٹ بنک نے ہمیں ایک بلین ڈالرز کی offer کی اور وہ تھی 15سے 25سال کی دیہی عورتوں کی تعلیم کے لئے کہ دیہی علاقوں میں ان خواتین کو پہلے خواندہ بنایا جائے اور اس کے بعد انہیں کوئی skill سکھائی جائے اور اس کے بعد انہیں مائیکرو فنانس دیا جائے تاکہ وہ اپنا کوئی کاروبار کر سکیں یا اپنی انڈسٹری لگا سکیں یا کچھ کر سکیں- صرف وزارت خزانہ نے ہمیں ایک پیسہ بھی نہیں دیا- بجٹ ایک روپیہ allocation کے لئے رکھا جوکہ ٹوکن ہوتا ہے ہمارے بجٹ میں- جب وہ پیسے انہوں نے نہیں دیئے تو ایشین ڈویلپمنٹ بنک نے اپنی offerہم سے withdrawکر لی، لہذا، وہ پروجیکٹ جو ہے اس پر عمل نہیں ہو سکا-

Releases ہماری جو problemہے وہ سب سے بڑی problemہے- پیسے کی کمی کوئی problemنہیں- ڈیفنس بھی اتنا ہی اہم ہے جتنی تعلیم- تعلیم ذرا دور نتائج دیتی ہے اور ڈیفنس فوری طور پر- پہلے دن ہم کوئی نہیں مارتا- وہ تو آخر میں کہیں

آتا ہے۔ پہلی جنگ عظیم 1919میں ختم ہوئی تھی تو دوسری 1939میں شروع ہوئی، 20سال کے بعد ہی دوسری جنگ عظیم شروع ہو گئی تھی، لیکن 1945میں جب دوسری جنگ عظیم ختم ہوئی ہے تو آج تک تیسری جنگ عظیم نہیں ہو سکی، اس لئے کہ روس کے پاس بھی ایٹم بم ہے اور امریکہ کے پاس بھی ہے۔ تو deterrentجو ہےاس کی وجہ سے یہ جنگیں رکی ہوئی ہیں۔ یہ بم بنانے میں جو پیسہ خرچ ہوا یا میزائل ٹیکنالوجی میں جو پیسہ خرچ ہوا وہ صحیح خرچ ہوا ہےاس لئے کہ اب آپ conventional war سے بھی ہٹ گئے۔

جناب احمد نور: جناب! میں یہ نہیں کہنا چاہتا کہ ڈیفنس کا جو بجٹ ہے اس کو نہیں کرنا چاہیے تاہم survivor کے لئے nuclear weapon ضروری تھے۔ اب وہ ہم نے حاصل کئے ہیں۔Deterrence capability ہم نے حاصل کی ہے۔ Balance of terror ہم نے قائم کیا۔ تو اب مزید اس پر اتنا خرچہ نہیں کرنا چاہیے۔ ایجوکیشن کے سیکٹر کو تھوڑا دیکھنا چاہیے تھا۔ جناب! میرا پوائنٹ یہ تھا۔ اگر ہمارے پاس اتنا ایجوکیشن ہے تو پھر ہمارے پاس literacy rate کیوں اتنے کم ہیں۔ہمارے گورنمنٹ کے سکولوں میں اساتذہ کیوں نہیں ملتے؟ وہاں پر facilities کیوں نہیں ہیں۔ اگر ہمارے پاس پیسے ہیں تو پھر یہ پیسے کہاں چلے جاتے ہیں؟ ان کی کوئی accountabilityہے کہ نہیں؟

پروفیسر لیق احمد خان (مہمان خصوصی): دیکھئے، جہاں تک خواندگی کے سلسلے

میں تو میں بہت سی باتیں آپ کو پہلے بتا چکا ہوں۔ ضیاء الحق صاحب نے ایک ٹاسک فورس بنائی تھی جس میں educationists 7,8 تھے اور میں اس کا سیکرٹری تھا۔ تو ہم نے یہ کہا کہ اساتذہ کی تنخواہیں بڑی کم ہیں۔ 5 گریڈ کیا ہوتا ہے؟ کچھ بھی نہیں ہوتا۔ تو ان کو کم از کم 7 گریڈ دیا جائے تو ایک صوبے کے چیف سیکرٹری صاحب مجھ سے بہت ناراض ہو گئے۔ وہ کہنے لگے کہ وہ سپاہی جو جون اور جولائی کی گرمی میں اور دسمبر اور جنوری کی سردی کے اندر سڑک کے کنارے رائفل لیے کھڑا رہتا ہے 3,3 اور 4,4 گھنٹے، کہ Prime Minister sahib یا صدر صاحب گزریں گے۔ اس کی تنخواہیں کیوں نہ بڑھائی جائیں جو 2 سکیل میں کام کر رہا ہے۔ بجائے اس کے کہ استاد کی 5کی 7 گریڈ کر دی جائے، وہ تو پھر بھی 5 میں ہے۔ سپاہی بیچارہ تو 2 سکیل میں ہے، لیکن وہ سردی اور گرمی کے اندر کھڑا رہتا ہے اور اس کو کھانا بھی3,4 بجے ٹرک آکر دے کر جاتا ہے، تو اس کی تنخواہ آپ پہلے بڑھائیں آپ۔ دیکھیئے، تنخواہیں جو مقرر کی جاتی ہے حکومت کے اندر وہ تعلیمی قابلیت کے ساتھ ہوتی ہے۔ اگر ایک پرائمری سکول ٹیچر میڑک اور پی ٹی سی ہے تو ایک ڈسپنسر جو ڈسپنسری میں کام کرتا ہے وہ بھی میڑک بمعہ 9 مہینے کا ڈسپنسر کا کورس کرکے آیا ہوا ہوتا ہے۔ تو اس کی تنخواہ بھی پھر اس کے مطابق کرنی پڑے گی کیونکہ qualificationسب کی ایک ہی ہوگی۔ وہ سپاہی جو کسی کی جان بچانے کے لئے کھڑا ہوا ہے یا وہ

استاد جو طلباء کو پڑھا رہا ہوتا ہے۔ دونوں کے اندر کوئی فرق آپ اس طرح نہیں کر سکتے وہ پاکستان کا internal defense ہے اس لئے اساتذہ کی تنخواہیں بھی بڑھا دینی چاہیے۔ آپ نے University professors کا tenure system کر لیا ہے۔آپ مجھے بتائیے کہ کس یونیورسٹی میں کیا تبدیلی آئی ہے؟ آج بھی لاہور یونیورسٹی آف منیجمنٹ سائنس کے بچے کو امتحان دینے کے بعد resultسے پہلے اس کو ملازمت ملتی ہے۔ انجنیئرنگ یونیورسٹی لاہور کے بچے ڈگری ہاتھ میں لے کر WAPDA کےCorridor کے اندر پھر رہے ہوتے ہیں اور ان کو نوکری نہیں مل رہی ہے۔ کیوں نہیں مل رہی ہے؟ آپ نے tenure systemکرکے quality improve کرنے کی کوشش کی تھی۔ کیا کوالٹی آپ کی improve ہوئی ہے؟ آپ مجھے بتائیں۔ میں نے عرض کیا کہ انفرادی چیز ہے یا بعض اچھے اساتذہ مل جائیں کسی کو خوش قسمتی سے تو وہ اس کے اندر کامیاب ہوتے ہیں۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: فرخ جدون صاحب۔

جناب فرخ جدون: بہت شکریہ، محترمہ سپیکر صاحبہ۔ میں ایک دو سوال کرنا چاہوں گا محترم لیق احمد صاحب سے۔ ایک تو جناب آپ اس چیز پر روشنی ڈالیں کہ پچھلے 60سالوں میں جو نظریاتی تعلیم تھی ہماری، جس کی بنیاد پر یہ ملک حاصل کیا گیا تھا، جو نظریہ تھا، اسے فروغ دینے کے لئے حکومتوں نے کیا کیا؟ ایک تو یہ بات ہے۔

دوسرا، HECجو پالیسی تھی، جس سے سکالرشپس ملتی تھیں۔ میرے کتنے دوست ہیں قائد

اعظم یونیورسٹی کے، یہاں پر بیٹھے ہیں، میرے سمیت بیٹھے ہیں، جنہوں نے GAT and GRE میں 80+ marks لیے ہیں اور آج بھی سکالرشپ کا انتظار کر رہے ہیں۔ آپ نے سکالرشپس ہی بند کر دی۔ تو کیا وہ HECکی پالیسی ٹھیک ہے یا غلط ہے؟

جناب! تیسری بات یہ ہے۔جو آپ نے کہا کہ آپ کی فیملی آپ کو inspireکرتی ہے۔ Socialization میں فیملی جیسے ایک institution ہے۔ آپ کا سکول بھی ایک institution ہے۔ آپ کا ٹیچر خود ایک پی ٹی سی ہے۔ وہ خود کبھی کسی سے inspireنہیں ہوا اور کسی کو inspireنہیں کیا، وہ اپنے studentsکو کس طرح inspireکرے گا۔ تو ٹیچر کا کام ہے inspireکرنا، کہ وہ اپنے studentsکو inspireکرے تاکہ اس کا studentکل کو آکر اگر والد صاحب کہتے ہیں کہ کہو کہ گھر پر نہیں ہوں، تو وہ اس کے سامنے کھڑا ہو سکے۔ کہ ابو! آپ غلط بات کر رہے ہیں۔ اس لئے ٹیچر کے roleپر بھی ذرا آپ focusکریں۔

جناب! چوتھی اور آخری بات یہ ہے کہ 180دن کی جو چھٹیاں ہیں۔ یہ ہمارے کسی لاء میں لکھا ہوا - جناب! پرائمری سکول کا جو بچہ ہے، جوکہ ایک غریب ماں باپ کا بچہ ہے، اسے آپ بالکل تباہ کر رہے ہیں۔ تو آپ اس کو بھی ختم کریں۔ اگر اس پر آپ روشنی ڈال سکیں تو مہربانی ہوگی۔

پروفیسر لیق احمد خان (مہمان خصوصی):

جو آپ نے HECکی بات کی ہے اور سکالرشپس کی۔

تو اس میں عرض یہ ہے کہ آج سے کچھ سال پہلے ڈاکٹر محبوب الحق صاحب (مرحوم) اللہ انہیں جنت نصیب کرے انہوں نے 450طلباء و طالبات کو وزارت سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے زیر تحت بیرون ملک بھیجا تھا۔ آپ مجھے بتا سکتے ہیں کہ ان میں سے کتنے لوگ واپس آئے ہیں؟ آدھے سے زیادہ لوگوں نے ان ٹیکنالوجیز میں جن میں انہیں بھیجا گیا تھا وہ تبدیل کرائے الیکٹریکل، میکنیکل اور سول لے لیے ہیں، اس لئے کہ ان میں یہاں کی jobsہیں۔ ہماری پلاننگ میں غلطیاں ہوتی ہیں اور اس دفعہ بھی ہوئی ہیں اور پہلے بھی ہوئی تھیں۔ ہم نے fibre technologyکے اندر آدمی تو بھیج دیئے لیکن fibre technologyمیں manufacture کی jobsنہیں create کی۔ ہم manufacture technologyتو بھیج دیئے لیکن technologyکی jobsنہیں create کی۔ ہم نے پولی ٹیکنیکس بنائے ہیں، ڈپلومہ ہولڈرز وہاں سے نکلتے ہیں اور ان کی jobs انجینئرز سے علیحدہ نہیں ہے۔ ان کی jobsکے اوپر انجینئرز لگے ہوتے ہیں۔ آپ کی پولی ٹیکنیکس کی جتنا سٹاف ہے وہ سارے انجینئرز گریجوایٹس ہیں۔ ان میں technologistکوئی نہیں ہے۔ اب بعد میں جو دو چار نکلے ہیں ان میں شامل کئے گئے ہیں ورنہ زیادہ تر انجینئرز ہیں۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آپ کو ٹوٹل پلاننگ جو ہے ملک کی وہ سکالرشپس لینے سے پہلے یہ دیکھنا پڑے گی۔ آج بھی HECجن طلباء و طالبات کو باہر بھیج رہا ہے ان میں سے کتنے ہیں جن کا کوئی disciplineآپ

نے متعین کیا ہے وہ relevant to this countryہے۔ آپ کے جتنے لوگ PhDکرنے کے لئے باہر جاتے ہیں وہ ان لوگوں کے فائدے کے جو topicsہیں ان کے اوپر thesisلکھتے ہیں۔ آپ کے ملک کے مسائل جو ہیں ان کو سامنے رکھ کر ان پر thesisنہیں لکھتے، اس لئے کہ ان کا پروفیسر جو ہے وہ پاکستانی نہیں امریکن ہے یا Britisherہے۔ تو اس لئے یہ جو چیز ہے کہ سکالرشپ دینا جو ہے اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا جب تک آپ اس ٹوٹل پلاننگ کو changeنہیں کریں گے اس وقت تک آپ کبھی بھی کامیاب نہیں ہو سکتے۔ ہاں individually آپ بھانجے بھتیجے کو بھیجنا چاہیں تو ضرور بھیج دیجیے۔ PhDکرکے آئے گا اور اچھی نوکری اس کو مل جائے گی۔ لیکن اگر آپ نے میرٹ پر لوگوں کو بھیجنا ہے اور میرٹ پر selectionکرنا ہے تو پھر آپ کو total planning countrywide man powerکی changeکرنی پڑے گی۔ ہمارے ہاں man power planningنہیں ہوتی۔

جناب فرخ جدون: جناب! باقی نظریات سوالات کے جوابات تو مجھے نہیں مل سکے۔

پروفیسر لیق احمد خان (مہمان خصوصی): بھائی نظریہ کے بارے میں تو مجھے خود پتہ نہیں ہے۔ آپ بتا دیں تو میرا بھی علم میں اضافہ ہوگا۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: انصار حسین۔

Mr. Syed Ansar Hussain: Sir, one of the many shortcomings pointed from time to

time in our educational system is that in the presence of the parallel and the paradoxical system of the public schools, the elite private schools and the ***Deni Madrasas***, which are poles apart and adding to the alienation in the society. Sir, what do you suggest to address these problems? Thank you.

Prof. Laeeq Ahmed Khan (Guest Speaker): The people and the Ministers, I am sorry with apologiese to Jugazai sahib, those who promised to you that they will be introducing in this country the uniform education and change the present syllabus because it does not suit us.

کیمبرج یونیورسٹی نے سلیبس اپنے کام کے لئے بنایا ہے۔ ساری دنیا اس کو followکر رہی ہے۔ آپ کا ایک آدمی کہتا ہے کہ میں uniformسلیبس لاؤں گا۔ بھائی تمہیں اتھارٹی کیا ہے کمیبرج یونیورسٹی dictateکرنے کی۔ تم اسلامی مدرسوں کے اندر جو درس نظامی ہے اس کو450 سال میں تبدیل نہیں کر سکے۔ تو تم uniformسلیبس کونسا کرو گے۔ ہاں البتہ آپ نے جو ماڈل سکولز کی بات کی ہے اور فیڈرل انسٹی ٹیویشنز کی بات کی ہے ان میں فرق ضرور ہے۔ کیونکہ آپ کے جتنے ماڈل سکولز ہیں ان میں ایم اے، ایم ایس سی اساتذہ لگتے ہیں، جو آپ کے دوسرے سکولز ہیں ان میں بی ایڈ، سی ٹی یا پی

ٹی سی، میٹرک، ایف اے اور بی اے وغیرہ ٹیچر لگتے ہیں۔ یہ فرق ضرور ہے۔ اس کا سلیبس ایک ہونا چاہیے اور ہم یہ کہتے ہیں کہ ہونا چاہیے، لیکن جو ایک ایلیٹ طبقہ اوپر بیٹھا ہے وہ ان چیزوں کو نہیں ہونے دیتا ہے۔

Mr. Syed Ansar Hussain: Sir, in this regard don't you think that there is an urgent need to regulate the fee structure and the Government should fix a sealing on the fee structure sir, so that the lower middle class of the society can also have benefit out it.

Madam Deputy Speaker: Please stand up and ask the questions.

Mr. Syed Ansar Hussain: Sorry, so that sir, the lower middle class of the talented youth can also have an acess to quality education.

Prof. Laeeq Ahmed Khan (Guest Speaker): But so for my knowledge goes most of the English Medium Schools do have a certain percentage reserved for indigent students and poor students to be admitted and their fee structure is not the same as for others. The point is on one hand you want democracy in this country, on the other hand you want more regulations to regulate the things.

بھائی! میں نے تو نہیں کہا کہ you send your son to Beacon House or to Grammar Schools. آپ خود اپنی مرضی سے بھیجتے ہیں You can afford it, you send them. میں نے آپ سے نہیں کہا ہے۔ I remember when my first daughter who was getting married. تو ہم مری روڈ کے اوپر جیولرز کی shops ڈھونتے رہے تو ہمیں ایک جیولر کی shop ملی تھی۔ آج آپ سیٹلائٹ ٹاؤن میں جائیے تو فیض آباد سے لے کر سیٹلائٹ ٹاؤن تک آپ کو جیولرز کی shops نظر آئیں گی اور ان میں لائٹس نظر آئیں گی اور ان میں لوگ کھڑے ہوئے نظر آئیں گے۔ لوگ ہیں، خریدتے ہیں۔ لوگ اپنے بچوں کو انگلیش میڈیم سکولز میں بھیجتے ہیں تو بھیج دیں۔ ضیاءالحق صاحب نے ایک elected Prime Minister کو پھانسی چڑھا دی تھی، لیکن ان کی اپنی 1979 کی پالیسی سٹیٹمنٹ یہ ہے کہ the nomenclature of English medium shall be abolished. یہ الفاظ ہیں جو مجھے زبانی یاد ہو گئے ہیں اور میں نے اتنی دفعہ کہے ہیں۔ The nomenclature of English medium shall be abolished. یہ ان کی پالیسی سٹیٹمنٹ ہے۔ انہوں نے جب یہ پالیسی 1979 میں introduce کرائی ہے تو Ministry of Education نے ہوتی صاحب میرے Minister تھے انہوں نے stand لیا کہ ہم اردو میڈیم رکھیں گے۔ ہمارے جتنے انگلیش میڈیم سکولز ہیں سب میں اردو زبان میں تعلیم دی جائے گی۔ اخباروں کے ایڈیٹوریل آپ دیکھ لیں۔ اخباروں میں مضامین

پڑھ لیں۔ اس کے خلاف ہر اخبار نے لکھا ہے کہ انگلیش میڈیم سکولز قائم رہنے چاہییں، لیکن we took a stand we were firm in our resolve to use Urdu as a medium. لیکن وہی ضیاء الحق صاحب جب 1987 کے اندر اسلام آباد کالج فار گرلز میں تشریف لے جاتے ہیں تو اعلان فرماتے ہیں کہ سائنس اور mathematic کی education انگریزی زبان میں ہو سکتی ہے۔ That opened the Pandora box. میرا خیال ہے کہ اس زمانے میں جتنے انگلیش میڈیم سکولز کھولے اتنے تو پاکستان میں پہلے کھلے بھی نہیں تھے۔ صرف اس لئے کہ جب ہم کھڑے ہیں 1987 تک اردو میں ہی تعلیم دی جاتی رہی۔ Beacon House and Grammar School میں بھی لیکن 1989 کے اندر تمام لوگوں کو میٹرک کا امتحان اردو میں دینا تھا، لیکن بدقسمتی سے 1987 کے بعد سے انگلیش میڈیم دوبارہ کھل گئے اور دوبارہ وہ سلسلہ شروع ہو گیا اور آج تک قائم ہے۔ تو اس میں ہمارا قصور تو نہیں ہے۔

جناب نیازمصطفیٰ: جناب! ہم اس نظام تعلیم سے کس طرح سے مطمئن ہو سکتے ہیں؟ اس میں ایک شخص 14 سال تعلیم حاصل کرنے کے بعد بھی یہ determine نہیں کر سکتا کہ مجھے کونسی فیلڈ میں جانا چاہیے۔ اس کے پاس اتنی skills نہیں ہوتی کہ وہ اپنے آپ کو establish کر سکے۔ Thank you.

پروفیسر لیق احمد خان (مہمان خصوصی): یہ ہماری weakness ہے۔ guidance in councilling ہمارے ہاں یونیورسٹیوں میں بھی

نہیں ہے۔ Colleges کی سطح تو بہت low ہے۔ Even in our Universities we don't have the guidance and councilling departments, fullfledged departments. ہیں، برائے نام رکھے گئے ہیں۔ شروع ہوئے اور بند ہو گئے۔ میں نے شروع میں عرض کیا کہ ہمارے ہاں manpower planning نہیں ہے۔ مجھے اب بھی یاد ہے کہ I was serving the Engineering University in Lahore when parents came to me کہ صاحب ہمارے بیٹے کو آپ کو سول انجینئرنگ میں لگوا دیجیے۔ بھئی! کیوں سول انجینئرنگ میں۔ Civil Engineering was the top branch at that time. اب ذرا الیکٹریکل آ گئی ہے۔ الیکٹرانکس آ گئی ہے۔ اس زمانے میں سول انجینئرنگ top پر تھی۔ کیونکہ ایک تربیلا ڈیم بننا تھا، ایک منگلا ڈیم بننا تھا۔ 8 link canals بننی تھیں۔ دو siphon بننی تھیں۔ یہ Indus water treaty ہے جو ہمارے ایوب خان صاحب نے نہرو کے ساتھ دستخط کئے تھے۔ لہذا، ہر آدمی کی خواہش یہ تھی کہ اس کا بیٹا سول انجینئر بن جائے تاکہ فوراً اس کو نوکری مل جائے گی۔ ارے بھائی! ایک ڈیم بنانے میں جو انجینئرز چاہیے ہوتے ہیں وہ بہت زیادہ ہوتے ہیں لیکن ایک ڈیم کو maintain کرنے کے لئے انجینئرز کم چاہیے۔ منگلا ڈیم تکمیل تک پہنچ گیا تھا تو تربیلا ڈیم شروع ہوا، لہذا، منگلا کا سرپلس سارا کا سارا تربیلا چلا گیا۔ تو سول انجینئرنگ میں جن parents نے اپنے بچوں کو داخل کرایا تھا وہ واپڈا میں overseer لگے

تھے۔ اسسٹنٹ انجینیئرز بھی نہیں لگے تھے۔ انہیں صرف overseerکی jobمل سکی تھی First division لینےdistinction کے بعد۔بھٹو صاحب نے صدر بنتے ہی یہ کہا تھا کہ میں کیمیکل انڈسٹری کو ترقی دوں گا۔ چنانچہ ہر شخص ہمارے پاس آتا تھا کہ میرا داخلہ کیمیکل انجنیئرنگ میں کرا دیں۔ بھائی کہاں ہیں نوکریاں کیمیکل انجینیئرنگ میں؟ لہذا، یہ جو made for planningجب تک ہمارے ہاں introduceہوگی اور اسی سڑک سے ہم نہیں چلیں گےتب تک یہ سلسلہ نہیں بنے گا۔

جناب امداد اللہ: جناب! میرا آپ سے سوال یہ ہے کہ آپ نے پہلے بات کی ہے کہ کرپشن تب ختم ہوگی جو ہمارے ranks کےاندر ہے جب تک کہ فیملی values strongنہیں ہوگی جبکہ westمیں family valuesنہیں ہیں۔ بالکل ہی نہیں ہیں اور وہاں کرپشن بھی نہیں ہے۔ ہماری جو generationآج بیٹھی ہوئی ہے بیوروکریٹس کی یہ 50اور 60 کی پیدائش ہے اور اس وقت میں سمجھتا ہوں کہ family valuesاچھی تھی لیکن جب کرپشن کی بات ہوتی ہے تو یہ rankingہوتی ہےworld over جو۔اس میں کافی اوپر ہوتے ہیں۔ دوسرے اور تیسرے نمبر پر ہوتے ہیں۔

دوسرا سوال آپ کا جو tenure trackکی آپ نے بات کی ہے۔ آپ نے کہا کہ LUMSکے studentکو تو نوکری ملتی ہےاور انجینیئرنگ یونیورسٹی لاہور کے studentکو نوکری نہیں ملتی۔ جب tenure track systemشروع ہوا تو جو باہر سے بھی اچھےٹیچرز تھے وہ قائد اعظم یونیورسٹی میں

ہمارے departmentsمیں واپس آ گئے تھے۔ کیونکہ ایک پروفیسر کی تنخواہ اس وقت دو لاکھ تھی یا دو لاکھ بیس ہزار تھی۔ جبکہ اس کے بغیر جو دوسرا سسٹم ہے ریگولر اس میں اس کو ملتے ہیں 50یا 60ہزار ملتے ہیں۔ جبکہ HECنے وہ ختم کیا ہے تو وہ دوبارہ باہر چلے گئے یا وہ LUMSچلے گئے ہیں۔ اچھا ٹیچر ادھر جائے گا جدھر اچھے پیسے ہوں گے۔ جدھر اچھے ٹیچر جائیں گے تو ان کے پاس اچھے studentsجائیں گے۔ آج ہمارے پاس اچھے ٹیچرز نہیں ہیں قائد اعظم یونیورسٹی میں tenure track systemختم ہونے کی وجہ سے ہی وہ نہیں ہیں۔ آپ اس کے بارے میں کیا کہیں گے؟

پروفیسر لیق احمد خان (مہمان خصوصی): میں آپ سے بالکل اتفاق نہیں کرتا کیونکہ ہم بھی اسی نظام کی پیداوار ہیں اور ہم نے بھی اسی نظام کے اندر عمر گزاری ہے۔ اچھے اساتذہ اب بھی موجود ہیں۔ سکولوں میں موجود ہیں، کالجوں میں اور یونیورسٹیوں میں موجود ہیں۔ Tenure track systemہو یا نہ ہو، آپ کو شاید علم ہوگا کہ جو دنیا کی چند 50,60یونیورسٹیوں کی ایک فہرست آئی ہے، جو بہترین یونیورسٹیاں ہیں ان میں قائد اعظم یونیورسٹی بھی شامل ہے۔

ایک معزز رکن: دنیا کی سطح پر NUSTکا نام ہے۔ اسلامک ممالک کی یونیورسٹیوں میں قائد اعظم یونیورسٹی کا نام ہے۔

پروفیسر لیق احمد خان (مہمان خصوصی): دیکھیئے، میں آپ سے عرض کرتا ہوں کہ قائد

اعظم یونیورسٹی میں جب ڈاکٹر کنیز یوسف اس کی وائس چانسلر ہوکر آئی ہیں اور صدیقی صاحب اس کے پہلے وائس چانسلر تھے اس زمانے میں جو اساتذہ تھے بہت اچھے تھے، لیکن اب بہت سے اساتذہ آپ کے باہر چلے گئے ہیں۔ آپ مجھے بتائیں کہ بھئی دو لاکھ روپے کریں گے کیا، آپ دو لاکھ روپے لے کر؟ یعنی ایک آدمی ایک اچھا بھلا گھر 30,40 ہزار میں اچھا بھلا گھر چل سکتا ہے، اچھی روٹی کھا سکتا ہے اور بچوں کو اچھی تعلیم دے سکتا ہے۔ دو لاکھ روپے میں کیا کرے گا؟ یہ ہوس کی بات ہے ناں کہ ہوس جس میں زیادہ ہوگی وہ استاد اچھا ہو ہی نہیں سکتا جس کے اندر ہوس ہو۔ استاد وہ اچھا ہے کہ جو بھی اسے ملتا ہے اس کے مطابق وقت گزارے۔ ہمارے زمانے میں بھی اساتذہ تھے اور بڑے اچھے اساتذہ تھے۔ ہم اسی تعلیمی نظام کی پیداوار ہیں۔ میں نے اپنی presentationمیں بھی عرض کیا ہے آپ سے کہ جو لوگ باہر جاتے ہیں دنیا کے تمام لڑکوں سے مقابلہ کرتے ہیں اور اچھے بھلے کامیاب ہوکر آتے ہیں۔ آپ کے اپنے قائد اعظم یونیورسٹی کے میں 15نام گنوا سکتا ہوں جو لوگ باہرگئے ہیں اور PhDکرکے آئے ہیں اور ان کی PhD thesisکی اتنی تعریف ان یونیورسٹیوں نے کی ہے کہ آپ کو اندازہ نہیں ہو سکتا ہے۔ ڈاکٹر احمد قاضی صاحب کا نام آج بھی دنیا میں ان 8 آدمیوں کے panelمیں شامل ہے جوکہ WHOنے قائم کیا ہے۔ دنیا بھر کے آرٹیکلز میں sift outکرکےانعامات تقسیم کرنے کے لئے۔ ڈاکٹر

احمد قاضی بھی آپ ہی کے یونیورسٹی کے تھے۔ ڈاکٹر غلام محمد آپ ہی کے یونیورسٹی کے تھے۔ ڈاکٹر مسعود آپ ہی کے یونیورسٹی کے تھے۔ہود بھائی آپ ہی کی یونیورسٹی کا ہی آدمی ہے ناں۔ کس کس کی بات کرنا آپ کرنا چاہتے ہیں۔ فرجمند ملک آپ کہ ہاں پڑھاتا تھا۔ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ اچھے اساتذہ کی کمی کہیں بھی نہیں ہے۔ اچھے اساتذہ وہی ہیں جو مطمئن ہیں اپنی زندگی سے۔ ہوس والے تو آپ کو دنیا میں ہر جگہ ملیں گے۔

میڈم ڈپٹی سپیکر: زاہد اللہ وزیر صاحب۔

Mr. Zahid Ullah Wazir: Thank you Madam Speaker, sir, I would like to ask a very short question. On the one hand we are popularizing family planning. بچے دو ہی اچھے۔ On the other hand we are distributing fund from central consolidated fund on population basis, should we not discourage distribution of funds from CSF on population basis so, that population is generally reduced and also there is even development in the country. Thank you sir.

Prof. Laeeq Ahmed Khan (Guest Speaker): Actually this is a very difficult question to answer because Punjab wants distribution of consolidated fund on population basis, Balochistan want

on area basis, Sindh want on revenue basis because, بندرہ گاہ وہاں ہے کراچی کی تو زیادہ revenue آپ کو آتا ہے وہی سے and N.W.F.P want because they are poorest and on the hilly track area.

